Presented By: https://jafrilibrary.com

# رموزِ عقیدت

مجموعہ

## منقبت سلام و نوحہ جات



شاعر

میر مجیب رضا مجیب علی پوری

ناشر:
بنیفٹ جیولری کمپنی لمیٹڈ
بنکاک تھائی لینڈ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

# التماس......سورۂ فاتحہ

مرحوم ومغفور مظہر علی ابن مختار علی صاحب مرحوم، پاکستان
مرحوم ومغفور میر یونس علی صاحب (عرف) پیارو علی صاحب
اور مرحومہ سیدہ محمدی بیگم زوجہ مرحوم یونس علی صاحب، علی پور انڈیا

**Mr. TAQI RAZA**
Cell: 006686893007

**Mr. AQEEL**
Cell: 0066864086786

316/10 Silom Road Sita Building Near Novotel Hotel
Bangakok 10500 THAILAND
Email: benefitjewelry@yahoo.com

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# رموزِ عقیدت

مجموعۂ
منقبت، سلام ونوحہ جات

شاعر
میر مجیب رضا مجیبؔ علی پوری

ناشر:
ادارۂ AITA بنکاک (تھائی لینڈ)

Presented By: https://jafrilibrary.com
Presented by Ziaraat.Com

Presented By: https://jafrilibrary.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

جملہ حقوق بحق شاعر محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | رموزعقیدت |
| شاعر | : | میر مجیب رضا مجیب علی پوری |
| سال اشاعت | : | 2014ء |
| مجموعہ | : | ثانی |
| تعداد | : | 1000 |
| کمپوزنگ | : | حسین احمد ندوی |
| سرورق | : | مسعود احمد قاسمی |


ملنے کے پتے

**MR.AQEEL**
Asgar Jewellers Alamdar Road, Opp. Site
Pearl Centre Koita Pakistan.

**MR.TAQI RAZA**
316/10 Silom Road Sita Building Near Novotel Hotel
Bangakok 10500 THAILAND
Cell: 006686893007
Email: benefitjewelry@yahoo.com

**MR. MUJEEB RAZA**
Ali Pur Gowridnor (tq) Karnataka (INDIA)
Cell:0066873264590 / 00919880065046
BANGKOK THAILAND

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

# انتساب

میرے والدین

مرحوم میر جعفر علی، مرحومہ فضہ بانو

اور مرحوم میر مدد علی و شاعر اہلبیت صابرؔ عابدی

کے نام

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# فہرست



| شمارہ | مضمون | مطلع کا پہلا مصرع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ۱ | پیش لفظ | مجیب علی پوری | 8 |
| ۲ | تقریظ | جناب سید رضوان رضوی (پاکستان) | 9 |
| ۳ | تاثرات | حجۃ الاسلام مولانا آغا عظمت علی صاحب (پاکستان) | 11 |
| ۴ | تاثرات | حجۃ الاسلام مولانا سلمان عابدی صاحب | 13 |
| ۵ | حمد باری | ہر لمحہ تیری راہ میں سجدے ادا کروں | 15 |
| ۶ | نعت رسولؐ | خدا کی ساری نشانیوں میں بسے ہوئے ہیں رسول اکرم | 16 |
| ۷ | مدح ابوطالبؑ | ہم سے پوچھتے کیا ہو عظمتِ ابوطالبؑ | 17 |
| ۸ | مدح علیؑ | چاند سورج کو بنایا حیدرؑ کرار نے | 18 |
| ۹ | سلام | مسجدیں روئیں حرم رویا مدینہ رویا | 19 |
| ۱۰ | نوحہ | پکاری مسجد کوفہ اجڑ گیا کوفہ | 21 |
| ۱۱ | مدح فاطمہ زہرا | کنیزِ ربِّ جلی ہے رسولؐ کی بیٹی | 23 |
| ۱۲ | سلام | ہے ستاروں کی فغاں شمس و قمر کے درمیاں کی | 24 |
| ۱۳ | نوحہ | شہزادی سیدہؑ کا شب کو اٹھا جنازہ | 25 |
| ۱۴ | مدح امام حسنؑ | بہر مدح و ثنا مجھ گنہگار پر کیجئے ایک نظر کرم یا حسنؑ | 27 |
| ۱۵ | سلام | جگر کے ٹکڑے امام حسنؑ اُگلتے ہیں | 28 |
| ۱۶ | نوحہ | کہتے تھے یہ شاہِ زمن اٹھو مرے بھیا حسنؑ | 29 |
| ۱۷ | مدح امام حسینؑ | تو شریکِ نورِ رسولؐ ہے تو سوارِ دوش حبیبؐ ہے | 30 |
| ۱۸ | سلام | نبیوںؑ کی ندا گونجی شبیرؑ ہمارے ہیں | 32 |



Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com





| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۹ | نوحہ | کربلا دینِ احمدؐ کی پہچان ہے کربلا کے مسافر کا احسان ہے | 33 |
| ۲۰ | مدح امام سجادؑ | کتابِ مقصدِ شہؑ کو بچا کر لے گئے سجادؑ | 35 |
| ۲۱ | سلام | کہتی تھی مادر پیٹ کے سرہائے مرا بیمار پسر | 36 |
| ۲۲ | نوحہ | پا برہنا رہ پُر خار پہ بیمار چلا | 37 |
| ۲۳ | مدح امام باقرؑ | یہ زمیں باقرؑ کی ہے یہ آسماں باقر کا ہے | 39 |
| ۲۴ | سلام | ہوئی جہان سے رحلت امام باقر کی | 40 |
| ۲۵ | نوحہ | غل یہ مدینے میں تھا ہو گئے باقرؑ شہید | 41 |
| ۲۶ | مدح امام جعفرؑ | جلوۂ نورِ کبریا صادقؑ | 42 |
| ۲۷ | سلام | جہاں میں برپا ہے ماتم امامؑ جعفر کا | 43 |
| ۲۸ | نوحہ | وقت کے ہونٹوں پہ نوحہ جعفرِ صادقؑ کا ہے | 44 |
| ۲۹ | مدح امام کاظمؑ | آ ؤ الفت کے نغمے سناتے رہیں | 45 |
| ۳۰ | سلام | زہر سے لیتی ہے دنیا موسیٰ کاظمؑ کا دم | 46 |
| ۳۱ | نوحہ | زمانے بھر میں ہے شورِ ماتم تڑپ رہے ہیں امام کاظمؑ | 47 |
| ۳۲ | مدح امام رضاؑ | الفت میں کیا امیر ہے اور کیا غریب ہے | 48 |
| ۳۳ | سلام | یہ کیسی بے کسی ہے رضائے غریبؑ کی | 49 |
| ۳۴ | نوحہ | روتی ہے ساری خلقت مظلومیٔ رضاؑ پر | 50 |
| ۳۵ | مدح امام تقی | قصیدہ برائے امام تقیؑ ہے | 51 |
| ۳۶ | سلام | اٹھا آج سایا محمد تقیؑ کا | 52 |
| ۳۷ | نوحہ | غم کی زمانے پہ فضا چھا گئی چل بسے دنیا سے محمد تقیؑ | 53 |
| ۳۸ | مدح امام نقی | اگر ہو عنایت علی النقیؑ کی | 54 |



Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com





| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۹ | سلام | صفِ عزائے علی النقیؑ بچھاتے ہیں | 55 |
| ۴۰ | نوحہ | جہاں میں آج علی النقیؑ کا ماتم ہے | 56 |
| ۴۱ | مدح امام عسکری | ہے موسم سہانا درِ عسکریؑ پر | 57 |
| ۴۲ | سلام | مومنو فرشِ مجلس بچھاؤ ہے شہادت حسن عسکریؑ کی | 58 |
| ۴۳ | نوحہ | ہائے کیسا ستم عسکریؑ پر ہوا | 59 |
| ۴۴ | صدائے منتظر | جرارؑ چلے آؤ کرارؑ چلے آؤ | 60 |
| ۴۵ | جوابِ امام زمانہؑ | ہر حال میں آؤں گا ہر دل میں سماؤں گا | 62 |
| ۴۶ | نظم | نہ دو جہاں تھے نہ ارض و سما مگر وہ تھا | 63 |
| ۴۷ | نوحہ فاطمہ زہراؑ | ہائے کس حال میں اٹھی تری میت زہراؑ | 65 |
| ۴۸ | نوحہ فاطمہ زہرؑا | حسین آواز دے رہے ہیں مجھے گلے سے لگا لو اماں | 67 |
| ۴۹ | نوحہ جناب زینبؑ | ویراں ہے دشت کربلا زینب اکیلی ہو گئی | 68 |
| ۵۰ | بھائی کی بے کسی | بھائی کی بے کسی پر ہمشیر رو رہی ہے | 69 |
| ۵۱ | زینب کے بین | میں ہوں بے ردا بھیا تو ہے بے کفن بھیاؑ | 70 |
| ۵۲ | نوحہ عباسؑ باوفا | اونچا ہے آسماں سے پنجہ ترے علم کا | 72 |
| ۵۳ | نوحہ مولا عباسؑ | لہرا رہا ہے پیاس کا پرچم لبِ فرات | 73 |
| ۵۴ | نوحہ سید سجادؑ | ہائے سجادؑ کی تنہائی پہ رونا آیا | 74 |
| ۵۵ | سلام علی اکبرؑ | اُمِ لیلیٰؑ نے کہا پیٹ کے سینہ اکبرؑ | 76 |
| ۵۶ | نوحہ علیؑ اکبر | کمر شبیرؑ کی خم ہو گئی ہے علی اکبرؑ کی میت آ رہی ہے | 77 |
| ۵۷ | نوحہ جناب قاسمؑ | مری جان قاسمؑ تو جب سے ہے چھوٹا | 78 |
| ۵۸ | نوحہ عون و جعفرؑ | عون و جعفرؑ آ گئے ہیں خون میں ڈوبے ہوئے | 80 |



Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com


| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۹ | نوحہ سکینہؑ کے بین | بابا کسی غریب کا ایسا سفر نہ ہو | 82 |
| ۶۰ | نوحہ علی اصغرؑ | جاگ مری جان مری جان علی اصغرؑ | 84 |
| ۶۱ | نوحہ فاطمہ صغرٰاؑ | صغراؑ نے خط میں لکھا اکبرؑ چلے بھی آؤ | 86 |
| ۶۲ | درحالِ صبح عاشورہ | اے کربلا بچھا دے مصلیٰ حسینؑ کا | 88 |
| ۶۳ | الوداع | الوداع والوداع شاہِ شہیداںؑ الوداع | 94 |


Presented By: https://jafrilibrary.com
Presented by Ziaraat.Com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# پیش لفظ

بحمد للہ بفضل چہاردہ معصومین علیہ السلام پہلا مجموعہ ''اظہار عقیدت'' کے بعد دوسرا مجموعہ ''رموز عقیدت'' کے نام سے منظر عام پر آرہا ہے۔ جس کو چودہ معصومینؑ کی ولادت اور شہادت کی مناسبت سے منقبت، سلام و نوحہ جات سے مزیّن کیا گیا ہے۔ شکر خدا و اہلبیت کے بعد میں بہت ہی متشکر ہوں جناب مولانا آغا عظمت علی صاحب (پاکستان) جناب رضوان رضوی صاحب کا کہ جنہوں نے اپنے بے بہا تاثرات کے پھول لٹائے اور میں شکر گزار ہوں نباض ادب مولانا سلمان عابدی صاحب قبلہ کا جنہوں نے نذر ثانی کی زحمت فرمائی اور اپنے تاثرات سے زینت بخشی۔ میں مشکور ہوں شعرائے بزم میثم علی پور کا کہ جنہوں نے اپنے زرّین مشوروں سے نوازا نیز میں دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہوں جناب تقی رضا صاحب اور جناب عقیل رضا (پاکستان) صاحب کا کہ جنہوں نے اس کتاب کو نشر کرنے کا بیڑا اٹھایا۔ اور آخر میں شکریہ ادا کرتا ہوں مسعود صاحب کا کہ جنہوں نے اشاعت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ میں دعا گو ہوں کہ خالق اکبران تمام حضرات کو زمینی و آسمانی بلاؤں سے محفوظ رکھے (آمین یارب العالمین) ''رموز عقیدت'' معزز قارئین حضرات کے زیر نظر ہے امید ہے کہ پسند فرمائیں گے۔ اور آخر میں محض رسماً نہیں بلکہ قلباً گزارش کرتا ہوں کہ فنی یا ادبی غلطیوں کو درگزر فرما کر اپنے زرین مشوروں سے نوازیں۔

والسلام

آپ کی دعاؤں کا متمنی

فقط

مجیبؔ علی پوری

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# تقریظ

## از: سید رضوان رضوی صاحب (پاکستان)

برادرم جناب مجیب علی پوری صاحب کی کاوشوں اور تخیلات کے نئے مجموعے ''رموز عقیدت'' کو پڑھ کر مجھے احساس ہوا کہ ایک باکمال اور باصلاحیت شاعر ہونے کے لئے علم ادب علم عروض فن شاعری سے کافی حد تک آگاہی کی ضرورت ہوتی ہے جو موصوف میں یہ تمام صفتیں پائی جاتی ہیں۔ میرے محدود علم کے مطابق مجیب بھائی کا یہ دوسرا مجموعہ کلام ہے جس میں منقبت سلام و نوحہ جات کے اس فن پارے میں ایسے معنیٰ خیز اشعار تخلیق کئے گئے ہیں جن کو پڑھ کر اک عجیب کیفیت وجد محسوس ہوتی ہے۔ منقبت پر نظر پڑی تو عالم تصور میں اپنے آپ کو مولائے متقیانؑ کے حضور میں پایا۔ سلام پڑھتے ہوئے عقیدتوں کے پھول دل میں کھلتے ہوئے محسوس کئے نوحوں کو پڑھا تو ہاتھ خود بخود ماتم کے لئے اٹھنے لگے ان کیفیات کو الفاظ میں بیان کرنا بے حد مشکل کام ہے۔ قارئین حضرات سے گزارش کرتا ہوں کہ اس کتاب کو زیادہ سے زیادہ پڑھیں اور محسوس کریں کہ روحانی کیفیات کے علاوہ تسکین قلب کا بھی احساس ہوگا۔

ایک منقبت میں امام رضاؑ کے لئے موصوف نے لکھا ہے کہ

رکھدو جہاں کے سارے خزانوں کو اک طرف
سب سے امیر پھر بھی رضائے غریب ہے

ایک نوحے کا مطلع کیا خوبصورتی سے اپنے امام صادقؑ کے غم کو اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ

وقت کے ہونٹوں پہ نوحہ جعفرِ صادقؑ کا ہے
دینِ پیغمبرؐ کو صدمہ جعفرِ صادقؑ کا ہے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



ان اشعار میں جہاں کیفیات ہیں وہیں دعوتِ غور وفکر بھی ہے اور عظمت و کردار اہلبیتؑ کی عکاسی بہت خوبصورت پیرائے میں کی گئی ہے۔

مجیب بھائی سے میری ملاقات 2008ء میں شہر بنکاک (تھائی لینڈ) میں ایام محرم کے دوران ہوئی تھی آج بھی اس پہلی ملاقات کی گرماہٹ محسوس کرتا ہوں موصوف کے حسنِ اخلاق اور اندازِ گفتگو سے اک خاص اپنائیت کا بھی احساس ہوتا ہے۔

ہر محفل اور ہر مجلس میں مجیب بھائی کے کلام سے مستفیض ہونے کا موقع بھی فراہم ہوتا ہے۔تقریباً پانچ سال قبل موصوف کی پہلی کتاب "اظہارعقیدت" کوانھوں نے ہدیہ کیا تو مجھے اسقدر یہ کتاب پسند آئی کہ میں نے اس کو موصوف کی اجازت سے SCAN کر کے اپنی Wabsite کی زینت بنادی تا کہ یہ کلام مومن ومومنات تک پہنچ سکے اور زیادہ سے زیادہ لوگ اس سے مستفید ہوتے رہیں۔امید ہے کہ اس نئے مجموعے "رموزعقیدت" کو بھی مجیب بھائی میرے لئے ہدیہ فرمائیں گے تا کہ اس کلام کو بھی اسی طرح تمام دنیا میں پھیلایا جا سکے انشاءاللہ اللہ ورسول اور اہلبیت سے مجیب بھائی کی کامیابی وکامرانی کی دعاؤں کے ساتھ نیک تمناؤں کا تحفہ پیش کرتا ہوں۔

والسلام

فقط

سیدرضوان رضوی (پاکستان)

SYED RIZWAN RIZWI
Chief of Conferemce Mangemaent
United Nations ESCAP Bangkok, Thailand
Degrees: FCMA, MCS
webmaster: www.ziaraat.com

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# دل کی آواز قلم کی زبانی

## تاثرات

حجت الاسلام مولانا آغا عظمت علی صاحب قبلہ (پاکستان)

عزت مآب جناب میر مجیب رضا مجیبؔ علی پوری صاحب سے آشنائی فرشِ عزا پر ہوئی بڑی خوش اسلوبی سے نظامت کے فرائض انجام دیتے ہوئے دیکھا کہ ترنم اور جوش وولولۂ محبت اور اپنی شاعری سے سامعین کے دل موہ لیتے ہوئے نظارہ کیا۔

یہی ایک سچے شاعر کی پہچان ہے کیونکہ سچا شاعر ہوتا وہی ہے جو جانتا ہو کہ کس لفظ میں کس جذبے کو رکھا جاتا ہے۔

موصوف ملائم ترنم اور نرم وگداز لہجہ نیز رہگذار بحروں کا انتخاب کرتے ہیں ان کے اشعار میں صحیفۂ الٰہی اور کلام معصومینؑ الفاظ کے موتیوں میں سجے ہوئے متحرک نظر آتے ہیں ان کا مجموعۂ کلام ''رموزعقیدت'' اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ مجیبؔ علی پوری صاحب نے درحقیقت اپنا تعلق ان ہستیوں سے جوڑ لیا ہے جو ازل سے ابد تک پاکیزہ دلوں کے حاکم اور منزہ ذہنوں کے باسی ہیں جو آسمانی راستوں کو زمینی راستوں سے بہتر جانتے ہیں جو خوش ہوتے ہیں تو تخلیق کائنات کا مقصد پورا ہوجاتا ہے اور غمگین ہوتے ہیں تو کائنات عالم غمگین ہوجاتی ہے جو خدائے تعالیٰ کے نمائندے اس کے رازوں کے امین اور اس کی مشیت کے پاسبان کہ جن کی رضا خدا کی رضا اور جن کا عشق عشقِ خدا ہے تبھی تو مجیبؔ علی پوری صاحب نے کہا ہے کہ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



اُلفت میں کیا امیر ہے اور کیا غریب ہے
جس کو رضاؑ بلالے وہی خوش نصیب ہے
رکھدو جہاں کے سارے خزانوں کو اک طرف
سب سے امیر پھر بھی رضائے غریبؑ ہے

موصوف نے مجاز گوئی سے کم اور حقیقت وسچائی سے زیادہ کام لیا ہے اور اپنے ذہنی وشعوری افکار اور دلی جذبات کو تقویٰ وپرہیزگاری کی چاشنی کے ساتھ فضائل ومناقب اہل بیتؑ اور مصائبِ اہلِ بیتؑ کے سمندر میں غوطہ زن کیا کہ ان کی فکری نظریات عقائد اور وجدانی جذبات ومحسوسات پر مشتمل شاعری کا مجموعہ "رموزعقیدت" منظر عام پر آیا ہے-اس کتاب میں موصوف نے سارہ الفاظ کو اس طرح بحروں میں استعمال کیا ہے کہ ہر کوئی بات کی تہہ تک پہنچ سکے نہ کہ الفاظ کی الجھنوں میں گم رہے کیونکہ آج کا سامع اور قاری نہ ذہنی طور پر اتنا فارغ ہے اور نہ ہی طبعاً اتنا مشکل پسند کہ ہر بات کی تہہ تک اُترنے کے بعد فوراً آگے بڑھنے کا ارادہ کرے اس لئے ان کے مجموعۂ کلام کو پڑھ کر یہ احساس ہوا کہ موصوف بھی محسوس کرتے ہیں کہ صرف وہی الفاظ زندہ رہتے ہیں جو ذہنوں سے نکل کر دلوں میں اُتر جاتے ہیں-

آخر میں دعا ہے کہ خداوندلم یزل مالکِ لوح وقلم محمدؐ وآلِ محمدؐ کے صدقے ان کے قلم کو اور ترقی موصوف کو طولِ عمر عطا فرمائے-آمین یارب العالمین)

فقط

حجت الاسلام مولانا

آغا عظمت علی صاحب قبلہ

(پاکستان)

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# تاثرات

## نباضِ ادب، حجت الاسلام مولانا سلمان عابدی صاحب قبلہ (علی پور)

مجھے نہایت خوشی ہو رہی ہے کہ میرے عزیز دوست جناب مجیب علی پوری کا دوسرا مجموعۂ کلام "رموزِ عقیدت" منظر عام پر آ رہا ہے۔
مجیب علی پوری نے اپنے سلام اور نوحہ جات میں واقعۂ کربلا کو بیان کرنے کے علاوہ اس واقعہ سے پیدا ہونے والے جذبات، تاثرات اور احساسات کو پیش کیا ہے۔ اس طرح ان کی شاعری ایک نئے تیور اور سادہ رنگ و آہنگ کے ساتھ رسائی شعور میں رچی بسی نظر آتی ہے۔ اس سے پہلے کہ مجموعۂ کلام "اظہارِ عقیدت" کو پڑھنے کے بعد رموزِ عقیدت کو پڑھئے تو ایک نئے مجیبؔ کی جھلک نظر آتی ہے۔
رسائی شاعری کے باوجود مجیبؔ علی پوری کے کلام میں کہیں اُداسی، سوگواری اور ناتمامی کا عکس نہیں ملتا بلکہ عزم، ہمت، حوصلہ اور اگر مبالغہ نہ ہو تو حماسی شاعری کی جھلک دکھائی دیتی ہے۔ ان کی شاعری منظر کشی کے اعلیٰ و ارفع نمونے بھی پیش کرتی ہے۔ انہوں نے اپنے فن کے پیکر میں روح کربلا کو سمیٹنے کی کوشش کی ہے۔ یوں ان کے نوحے ایک نئے تجربے کی منزل پر ہیں مجھے امید ہے کہ نوحے کی پرانی صنف کو یہ نئی سمت میں لگا دیں گے۔ اسلوبی، لطافتیں اور سلام و نوحہ کے لئے جس لب و لہجہ کے سوز و گداز کی ضرورت ہے ان کے کلام میں محسوس ضرور ہوتی ہے مگر اس کے باوجود بعض مقامات پر صنائع لفظی

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



ومعنوی کی جھلکیاں بھی ملتی ہیں۔ جیسے یہ شعر:

یہ زمیں باقر کی ہے یہ آسماں باقر کا ہے
کیا زمیں کیا آسماں سارا جہاں باقر کا ہے

یہ شعر صنعتِ رجوع کا ہے، رجوع میں شاعر پہلے ایک خاص بات بیان کرتا ہے پھر آگے چل کر مذکورہ بات کی نفی کر دیتا ہے پہلے تو مجیب علی پوری نے زمین وآسمان کو بہت بڑا سمجھا پھر فوراً اس کی نفی کر کے کہا:

کیا زمیں کیا آسماں سارا جہاں باقر کا ہے

اسی طرح صنعتِ تکرار کا یہ شعر

جاگ مری جان مری جان علی اصغر
ماں ہے پریشان پریشان علی اصغر

صنعتِ تکرار میں شاعر دو لفظوں کو جو ایک ہی معنی کے ہوں شعر میں برابر برابر جمع کر دیتا ہے جس سے تکرارِ صوت کے لطف کے ساتھ کئی معنی وجود میں آ جاتے ہیں۔ اس طرح کی نہ جانے کتنی اور مثالیں ہیں جن کے بیان کا یہ موقع نہیں ہے۔ میں نے سرسری طور پر سارے کلام کو دیکھ لیا ہے خامیوں کے امکان کم اور خوبیوں کے اقرار کے ساتھ یہ بھی کہوں گا کہ مجیبؔ علی پوری آگے اور بہت آگے جائیں گے انشاءاللہ۔

والسلام

مولانا سلمانؔ عابدی
علی پوری

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



باسمہ تعالی

# حمد باری تعالیٰ

ہر لمحہ تیری راہ میں سجدے ادا کروں
تسبیح تیری شہ رگِ جاں سے ادا کروں
یارب جو تو نے دی ہیں مجھے اپنے فضل سے
اُن نعمتوں کا شکر میں کیسے ادا کروں

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نعت رسول پاکؐ

خدا کی ساری نشانیوں میں بسے ہوئے ہیں رسولِ اکرمؐ
تمام عالم کے دل کی دھڑکن بنے ہوئے ہیں رسولِ اکرمؐ

خدائے یکتا کے بعد کوئی میرے نبیؐ سے بڑا نہیں ہے
کہ جب سے عمرانؑ کے گھر میں پل کر بڑے ہوئے ہیں رسولِ اکرمؐ

نبیؐ جو معراج پر گئے تھے تو ساری دنیا کھڑی ہوئی تھی
یہاں تو تعظیمِ فاطمہؑ کو کھڑے ہوئے ہیں رسولِ اکرمؐ

حسینؑ پشتِ نبیؐ پہ ہیں یا نماز پشتِ نماز پر ہے
یہی بتانے کو سربہ سجدہ جھکے ہوئے ہیں رسولِ اکرمؐ

بھلے ہی حسنینؑ کو زمانہ سوارِ دوشِ نبیؐ نہ سمجھے
بتائے پھر کس خوشی میں ناقہ بنے ہوئے ہیں رسولِ اکرمؐ

غدیر کی آنکھ سے زمانہ نجف کو دیکھے پتا چلے گا
کہ اب بھی ہاتھوں پہ مرتضیٰؑ کو لئے ہوئے ہیں رسولِ اکرمؐ

مجیبؔ نعتِ رسولؐ کے گل لبوں سے کیونکر نہ میرے برسیں
کہ میری رگ رگ میں عشق بنکر بسے ہوئے ہیں رسولِ اکرمؐ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# مدح حضرت ابوطالبؑ

ہم سے پوچھتے کیا ہو عظمتِ ابوطالبؑ
محسن رسالت ہیں حضرتِ ابوطالبؑ

جانے کیوں انہیں کافر کہہ رہی ہے یہ دنیا
جب کہ دودھ جیسی ہے سیرتِ ابوطالبؑ

کس میں اتنی ہمت ہے جو سوئے نبیؐ دیکھے
دشمنوں پہ ہے طاری ہیبتِ ابوطالبؑ

بسترِ محمدؐ پر محوِ خواب ہیں حیدرؑ
کام آگئی آخر حکمتِ ابوطالبؑ

ایک ہاتھ حیدرؑ پر دوسرا محمدؐ پر
عدل کا ترازو ہے شفقتِ ابوطالبؑ

پرورش یتیموں کی مفلسوں سے ہمدردی
یوں ادا کریں گے ہم سنتِ ابوطالبؑ

کیوں نہ سانس کی لَے پر بوئے سازِ ایماں ہو
لب پہ ہے مجیبؔ اپنے مدحتِ ابوطالبؑ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# مدحِ مولائے کائنات

چاند سورج کو بنایا حیدرِ کرارؑ نے
دونوں عالم کو سجایا حیدرِ کرارؑ نے

حُسن کے جلوے زمانے میں نکھرتے ہی گئے
جب کیا یوسفؑ پہ سایا حیدرِ کرارؑ نے

ہوگئے بے ہوش خود موسیٰ بھی کوہ طور پر
جلوۂ حق جب دکھایا حیدرِ کرارؑ نے

حضرتِ عیسیٰ کو گہوارے میں اپنی قوم سے
گفتگو کرنا سکھایا حیدرِ کرارؑ نے

احمدِ مختارؐ کی آغوش میں قبل از نزول
پڑھ کے قرآں کو سنایا حیدرِ کرارؑ نے

ایک دو کا ذکر کیا آدم سے لیکر آج تک
آدمیّت کو بچایا حیدرِ کرارؑ نے

راہ حق میں جینے مرنے کا سلیقہ اے مجیبؔ
ساری دنیا کو سکھایا حیدرِ کرارؑ نے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# سلام

مسجدیں روئیں حرم رویا مدینہ رویا
فرقِ حیدرؑ پہ لگی ضرب تو کوفہ رویا

صبح اُنّیسویں رمضاں کی مصیبت لائی
ابنِ ملجم کی چلی تیغ قیامت آئی
سر نمازی کا پھٹا اور مصلّیٰ رویا

جب لگا زہر میں ڈوبا ہوا خنجر سر پر
پھر نہ سجدے سے اُٹھا حیدرِ کرّارؑ کا سر
کعبۂ صبر کے اس حال پہ کعبہ رویا

امُتِ مُرسلِ اعظمؐ کی ستم ظرفی پر
روزہ دار و شہِ مظلومؑ کی مظلومی پر
آسماں رویا زمیں روئی زمانہ رویا

بسترِ مرگ پہ مولا کو تڑپتے دیکھا
کروٹیں درد و مصیبت سے بدلتے دیکھا
رات روتی ہوئی گزری تو سویرا رویا

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



شہؑ نے شبرؑ کے حوالے سبھی کنبے کو کیا
دستِ عباسؑ کو شبیرؑ کے ہاتھوں میں دیا
چوم کر حلقِ پسر خود مرا مولا رویا

شاہؑ کے خون میں اب مسجد و محراب ہیں تر
اہلِ ایماں سے بچھڑتا ہے خطیب منبر
فرقتِ ساجدِ غفّار میں سجدہ رویا

کئی آنکھیں ہوئیں پرنم تو کئے دل لرزے
کانپ اُٹھی فکرِ مجیبؔ اورلبِ فاضلؔ لرزے
وارثِ نوحؑ پہ لکھاّ ہوا نوحہ رویا

## قطعہ

مدحِ حیدرؑ کے لئے میں نے چنا جب دار کو
دیکھتی ہی رہ گئی دنیا مرے کردار کو
زندگی میں خواہشِ دیدار حیدرؑ تھی مجھے
نزع میں خود آگئے حیدرؔ مرے دیدار کو

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

پکاری مسجدِ کوفہ اُجڑ گیا کوفہ
اٹھا امام کا سایا اُجڑ گیا کوفہ

بُجھا کے زہر میں خنجر کو ابنِ ملجم نے
سرِ علیؑ پہ جو ضربت لگائی ظالم نے
جہاں میں چھایا اندھیرا اجڑ گیا کوفہ

یہ کیسی ضرب لگی ٹوٹنے لگیں سانسیں
دو نیم ہوگیا سرخوں سے بھر گئیں آنکھیں
شہید ہوگئے مولا اجڑ گیا کوفہ

نمازِ صبح کے دوراں بپا ہوا محشر
ستم کی تیغ سے شق ہوگیا سرحیدرؑ
لہو میں تر ہے مصلیٰ اُجڑ گیا کوفہ

خدا کے شیر کو آئی جو آخری ہچکی
حسنؑ حسینؑ پہ چھائی فضا یتیمی کی
ہے غش میں زینبِ کبریٰ اجڑ گیا کوفہ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



پہاڑ ٹوٹا ہے عباسؑ پر مصیبت کا
یہ دن ہے زینبؑ وکلثومؑ پر قیامت کا
غموں میں غرق ہے کنبہ اُجڑ گیا کوفہ

ہوئی جہان سے رحلت جو شاہ عالم کی
یتیم ہوگئی امت رسولِ اکرمؐ کی
امامِ وقت سدھارا اجڑ گیا کوفہ

محِبّ شبرؑ و شبیرؑ خون روتے ہیں
کلیجے زینبؑ و کلثومؑ کے لرزتے ہیں
اُداس ہوگیا کعبہ اجڑ گیا کوفہ

## قطعہ

نظر خوبصورت زباں خوبصورت
ہے میثم کا طرزِ بیاں خوبصورت
زچہ خانۂ شیرِ داورؑ ہے کعبہ
مکیں خوبصورت مکاں خوبصورت

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# مدح فاطمہ زہرا

کنیزِ ربِّ جلی ہے رسولؐ کی بیٹی
شریکِ کارِ نبیؐ ہے رسولؐ کی بیٹی

جنابِ مریمؑ و حواؑ وآسیہؑ سارہؑ
کہ ان میں سب سے بڑی ہے رسولؐ کی بیٹی

علیؑ کے حق کی جو بات آ گئی تو مسجد تک
رسولؐ بنکے چلی ہے رسولؐ کی بیٹی

بلند کیوں نہ ہو دیوارِ مسجدِ نبویؐ
زبان کھول رہی ہے رسول کی بیٹی

فقط اکیلی ہی اٹھارہ سال کے سن میں
حکومتوں سے لڑی ہے رسولؐ کی بیٹی

اے غاصبو زرا ٹھہرو کہ جا رہے ہو کہاں
درجناں پہ کھڑی ہے رسولؐ کی بیٹی

مجیبؔ حشر میں حقِ فدک کا امت سے
حساب مانگ رہی ہے رسولؐ کی بیٹی

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# سلام

ہے ستاروں کی فغاں شمس و قمر کے درمیاں
دفن زہراؑ ہوگئیں شام و سحر کے درمیاں

پسلیاں زہراؑ کی کیا ٹوٹیں کمر خم ہوگئی
درد کا طوفاں اٹھا قلب و جگر کے درمیاں

گر پڑا کوہِ مصیبت ہوگئے محسنؑ شہید
آگئیں جب فاطمہؑ دیوار و در کے درمیاں

رہزنی بادِ خزاں کی لے گئی گلشن کا چین
یوں جُدائی ہوگئی برگ و شجر کے درمیاں

ہورہی ہے مرثیہ خوانی بتولِ پاکؑ کی
عقل کی معراج پر فکر و نظر کے درمیاں

مومنو پیٹو سروں کو ہے جدائی کا یہ دن
بنتِ احمدؐ اور شاہِ بحر و بر کے درمیاں

فکر کا زہراؑ کے غم سے جُڑ گیا رشتہ مجیبؔ
ہے مدینے کا نظارہ چشمِ تر کے درمیاں

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

شہزادی سیّدہؑ کا شب کو اٹھا جنازہ
حسنینؑ پیچھے پیچھے آگے چلا جنازہ

زہراؑ کی بیٹیوں کے پھٹنے لگے کلیجے
حسنینؑ کے دلوں پر غم کے پہاڑ ٹوٹے
بچوں کے درمیاں جب رکھّا گیا جنازہ

دورانِ غسل کیسی حیدر نے چیخ ماری
کانپا فلک کا سینہ غم سے زمین لرزی
مظلومیٔ علیؑ پر رونے لگا جنازہ

بولے حُسینؑ اماّں پاس اپنے تم بلالو
دل مضطرب ہے میرا اٹھّو گلے لگالو
بندِ کفن جو ٹوٹے تھرّا گیا جنازہ

زینبؑ پہ ہے قیامت کلثومؑ پر ہے محشر
اسماءؑ نے خاک اُڑایا فضہؑ گری زمیں پر
جب بنتِ مصطفیٰؐ کا گھر سے چلا جنازہ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



اٹھارویں برس میں کیا چھا گئی ضعیفی
ہیں پسلیاں شکستہ سارا بدن ہے زخمی
کیسے علیؑ اٹھائیں زہراؑ ترا جنازہ

بولے مجیبؔ روکر سب ساکنانِ جنت
شیرِ خدا کے گھر میں کیا آگئی قیامت
مظلومہؑ جہاں کا اٹھنے لگا جنازہ

## قطعہ

بافضیلت خانۂ حق باشرف زہراؑ کا گھر
گیارہ معصومینؑ گوہر اور صدف زہراؑ کا گھر
میری شہزادیؑ کا کیوں نہ دوجہاں پر راج ہو
کربلا دارالحکومت اور نجف زہراؑ کا گھر

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# مدح امام حسنؑ

بہرِ مدح و ثنا مجھ گنہگار پر کیجئے ایک نظرِ کرم یاحسنؑ
آپ کی شانِ اقدس میں قرطاس پر کرسکوں اک قصیدہ رقم یاحسنؑ

آرزو ہے یہی آپ کی قبر پر آکے پلکوں سے جھاڑا کروں سنگِ در
میری جنت غلامی میں ہے آپ کی کیا کروں جاکے باغِ ارم یاحسنؑ

مرتے دم تک غلامی کروں آپ کی اسی میں نجات اپنی روزِ جزا
آپ کے پائے اقدس پہ یوں ہی رہے سر مرا بہرِ تعظیم خم یاحسنؑ

حق مٹانے کا سامان ہوتا رہا حق پہ باطل کو غالب نہ آنے دیا
صلح سے کام لیکر نبیؐ کی طرح آپ نے رکھا دیں کا بھرم یاحسنؑ

فکروفن محترم حوصلہ محترم آپ کا ہے ہر ایک فیصلہ محترم
جس قلم سے کیا صلح نامہ رقم وہ قلم بن گیا محترم یاحسنؑ

کیوں نہ قرآن ہو مدح خواں آپ کا کیوں نہ اسلام ہو قدرداں آپ کا
آپ کے دم سے دنیائے اسلام میں دیں کا لہرا رہا ہے علم یاحسنؑ

کہہ رہی ہے یہ فکرِ مجیبؔ ہر گھڑی میں کہاں اور مدحت کہاں آپ کی
کر رہا ہوں جو مدح وثنا آپ کی آپ ہی کا ہے مجھ پر کرم یاحسنؑ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# سلام

جگر کے ٹکڑے امامِ حسنؑ اُگلتے ہیں
رسولؐ خلد سے روتے ہوئے نکلتے ہیں

پدر کی موت کا صدمہ یتیم ہی جانے
کہ ننھے بچے سنبھالے سے کب سنبھلتے ہیں

یہ کیسا شورِ قیامت ہے پھر مدینے میں
حسینؑ روتے ہوئے ننگے سر نکلتے ہیں

اُدھر ہے زینبؑ و کلثومؑ پر غشی طاری
ادھر حسنؑ کے جنازے پر تیر چلتے ہیں

اب اٹھنے والی ہے گھر سے امام کی میّت
غموں سے آلِ نبیؐ کے جگر دہلتے ہیں

پدر کے آخری دیدار کے لئے یا رب
وفورِ غم سے یتیموں کے دل مچلتے ہیں

مجیبؔ فرش عزا پر یہ راز مجھ پہ کھلا
جو اشکِ غم ہیں وہی موتیوں میں ڈھلتے ہیں

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

کہتے تھے یہ شاہِ زمن اٹھّو مرے بھیّا حسنؑ
ویراں ہے باغِ پنجتنؑ اٹھو مرے بھیّا حسنؑ

ہر سمت ہے محشر بپا گھر گھر ہے آوازِ بکا
غم کی سجی ہے انجمن اٹھّو مرے بھیّا حسنؑ

اہل جفا نے بے خطا دے کر تمہیں زہر دغا
لوٹا ہے زہراؑ کا چمن اٹھو مرے بھیا حسنؑ

کیوں دل کے ٹکڑے ہوگئے کیوں خوں اگل کر سو گئے
کیوں زرد ہے سارا بدن اٹھو مرے بھیا حسنؑ

بستر پہ کیوں بے جان ہو بے چین ہوں کچھ تو کہو
قرباں ہوں تم پر جان و تن اٹھّو مرے بھیّا حسنؑ

بعدِ شہادت اور یہ غم تابوت پر تیر ستم
ہے خوں میں ترسارا کفن اٹھّو میر بھیّا حسنؑ

تڑپا مجیبؔ اپنا جگر خود کو گرا کر لاش پر
سرور یہ کرتے ہیں سخن اٹھّو مرے بھیّا حسنؑ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# مدح امام حسینؑ

تو شریکِ نورِ رسولؐ ہے تو سوارِ دوش حبیبؐ ہے
ترے در کا میں بھی فقیر ہوں یہ بلند میرا نصیب ہے

تو ہے سر کٹا کے بھی شادماں سرِ نوکِ نیزہ ترا بیاں
تری گفتگو سے پتا چلا تو جہاں کا پہلا خطیب ہے

تری گفتگو میں وہ ساز ہے مرے رب کو تجھ پہ ہی ناز ہے
ترے لب سے بولیں یہ آیتیں تو کتاب حق کا ادیب ہے

تو بعید ہے حدِ فکر سے یہ پتا چلا ترے ذکر سے
تو نظر سے جتنا ہی دور ہے مرے دل سے اُتنا قریب ہے

مرے فہم و فکر کو نور دے مرے دل کو کیف و سرور دے
تو علاج کر مرے نفس کا میں مریض ہوں تو طبیب ہے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



ترا عشق دل میں ہے جلوہ گر ترے در پہ جب سے جھکا ہے سر
میں تری لحد کے قریب ہوں کہ بہشت میرے قریب ہے

دلِ مضطرب کو قرار دے میری زندگی کو سنوار دے
تو جہاں میں سب سے امیر ہے کہ تو کربلا کا غریب ہے

تری مہربانی تیرا کرم یہ تری عطا ہے شہِ امم
مری فکر محوِ بیان ہے ترا مدح خوان مجیب ہے

## قطعہ

تیغ اور قلم جو وقت کے دو نین ہو گئے
دل دشمنانِ دین کے بے چین ہو گئے
دیکھا جو صلح و جنگ کو اک جا تو یوں لگا
جیسے حسنؑ حسینؑ سے حسنینؑ ہو گئے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# سلام

نبیوںؑ کی ندا گونجی شبیرؑ ہمارے ہیں
صدیوں نے گواہی دی شبیرؑ ہمارے ہیں

بہتے ہوئے پانی کو جب پیاس نے ٹھکرایا
دریا نے زباں کھولی شبیرؑ ہمارے ہیں

خنجر نے گلا چوما سجدے نے جبیں چومی
یہ کہکے نماز اُٹھی شبیرؑ ہمارے ہیں

سر سجدے میں کٹوا کر شہؑ نیزے پہ کیا آئے
کعبے کی زمیں بولی شبیرؑ ہمارے ہیں

جب شہؑ نے پڑھی آیت نیزے کی بلندی سے
قرآں نے تلاوت کی شبیرؑ ہمارے ہیں

جب شاہؑ نے جنگل کو گلزار بنا ڈالا
جنت سے صدا آئی شبیرؑ ہمارے ہیں

دنیا کو تباہی سے کل شہؑ نے بچایا تھا
اب کہتا ہے ہر کوئی شبیرؑ ہمارے ہیں

نزہتؔ کے لبوں پر جب افکار مجیب آئے
نوحے نے زباں کھولی شبیرؑ ہمارے ہیں

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

کربلا دینِ احمدؐ کی پہچان ہے کربلا کے مسافر کا احسان ہے
آج باقی زمانے میں قرآن ہے کربلا کے مسافر کا احسان ہے

مدحِ احمدؐ سے منبر بہت شاد ہیں مسجدیں ذکرِ خالق سے آباد ہیں
حق کا فرمان ہے سب کا ایمان ہے کربلا کے مسافر کا احسان ہے

یہ علم تو وفاؤں کا پیغام ہے ماتمی انجمن فوجِ اسلام ہے
شہہ کا غم سب کے جینے کا عنوان ہے کربلا کے مسافر کا احسان ہے

دشمنوں کیلئے اشک شمشیر ہیں مجلسیں اہلِ ماتم کی جاگیر ہیں
باوفاؑ کا علم دیں کی پہچان ہے کربلا کے مسافر کا احسان ہے

روزِ عاشور مائیں سنبھلتی نہیں اپنے بچوں سے بھی پیار کرتی نہیں
مامتا شاہ کے غم پہ قربان ہے کربلا کے مسافر کا احسان ہے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



شہہ کے زوّار جب کربلا جائیں گے خیر مقدم کو عباس خود آئیں گے
ہر عزادار سرورؑ کا مہمان ہے کربلا کے مسافر کا احسان ہے

روضۂ شہؑ پر جا کر زیارت کروں کربلا میں جیوں کربلا میں مروں
بس یہی ہر حسینی کا ارمان ہے کربلا کے مسافر کا احسان ہے

فرشِ مجلس ہو شبیرؑ کا ذکر ہو کیوں نہ شاداں مجیبؔ اب تری فکر ہو
کربلا تیرے نوحے کا عنوان ہے کربلا کے مسافر کا احسان ہے

## قطعہ

ثباتِ راہِ صبر کے حلف اُٹھائے جائیں گے
یہاں تو جان مال گھر سبھی لٹائے جائیں گے
وہ عشقِ یوسفؑ حسیں تھا جس میں اُنگلیاں کٹیں
محبتِ حسینؑ میں گلے کٹائے جائیں گے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# مدح امام سید سجادؑ

کتابِ مقصدِ شہؑ کو بچا کر لے گئے سجادؑ
اصول دیں کو سینے سے لگا کر لے گئے سجادؑ

چھڑا جب ذکر ملکِ شام کو تسخیر کرنے کا
یزیدی فوج کو قیدی بنا کر لے گئے سجادؑ

دیارِ کربلا سے شام کے زندان تک پیدل
حکومت کو بھی قدموں پر جھکا کر لے گئے سجادؑ

جو قصرِ ظلم میں برپا ہوئی تھی مجلسِ سرورؑ
وہ زینبؑ کی کمائی تھی بچا کر لے گئے سجادؑ

خطابت سے یزیدی فکر کو زنجیر پہنا کر
نبیؐ کے دیں کو زنداں سے چھڑا کر لے گئے سجادؑ

نشاں سجدوں کے قید شام سے آواز دیتے ہیں
کہ حرمت کو نمازوں کی بچا کر لے گئے سجادؑ

مجیبؔ انسانیت کا درس دینا تھا زمانے کو
لبوں پر اس لئے قرآں سجا کر لے گئے سجادؑ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# سلام

کہتی تھی مادر پیٹ کے سر ہائے مرا بیمار پسر
طوقِ گراں سے خم ہے کمر ہائے مرا بیمار پسر

صبح سے لیکر عصر تلک لرزی زمیں اور کانپا فلک
لوٹا گیا پردیس میں گھر ہائے مرا بیمار پسر

طولِ سفر پردیس کا غم راہ میں کانٹے ننگے قدم
چل نہیں سکتا میرا قمر ہائے مرا بیمار پسر

پشت ہے زخمی درّوں سے گھٹتا ہے دم زنجیروں سے
لاکھوں ستم اک بے کس پر ہائے مرا بیمار پسر

درد سے پتھّر ٹوٹ گئے پاؤں کے چھالے پھوٹ گئے
کرتا رہا کانٹوں پہ سفر ہائے مرا بیمار پسر

کوفے میں یہ بھی ظلم ہوئے آگ کے شعلے پھینکے گئے
جلنے لگا سجّادؑ کا سر ہائے مرا بیمار پسر

طوقِ گراں اور بیماری اور وہ اذیّت کوڑوں کی
غم سے مرا پھٹتا ہے جگر ہائے مرا بیمار پسر

جن وملک انسان مجیبؔ بن گئے آخر سب کے نصیب
ڈالی جو قبرِ شہؑ پہ نظر ہائے مرا بیمار پسر

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

پا برہنہ رہِ پُر خار پہ بیمار چلا
بیڑیاں پہنے ہوئے دین کا سردار چلا

عصر تک قتل ہوئی فوجِ حسینؑ ابن علیؑ
جل گیا شامِ غریباں کو گلستانِ نبیؐ
اُجڑے کنبے کو لئے قافلے سالار چلا

کوفے والو ذرا تم آنکھیں جھکالو اپنی
بے ردا آتی ہیں اس شہر میں ماں بہنیں پھوپی
خطبہ دیتا ہوا عابدؑ سرِ بازار چلا

صبر نے کاٹ دیئے بیعتِ فاسق کے قدم
ہاتھ باندھے ہوئے خود بیٹھ گیا تھک کے ستم
اتنی رفتار سے شبیرؑ کا بیمار چلا

اک طرف آلِ نبیؐ ایک طرف حاکمِ شام
شرم سے کانپ رہا تھا مرا بیمار امامؑ
کارواں دین کا جب برسرِ دربار چلا

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



ساتھ سو کرسی نشیں اور ہے اکیلا عابدؑ
آیا منبر پہ جو مثلِ شہِؑ مکہ عابدؑ
کعبۂ صبر سے ٹکرا کے ستم ہار چلا

شہؑ کا دیدار ہو ہر چاہنے والے کو نصیب
ان دعاؤں کو سجائے ہوئے ہونٹوں پہ مجیب
روضۂ شاہؑ پہ ہر ایک عزادار چلا

## قطعہ

سجدوں کی کائنات میں جو بے نظیر ہو
بیمارِ کربلا ہو عبادت کثیر ہو
وہ تو تقاضا دین کا تھا صبر کرلیا
ممکن نہ تھا حسینؑ کا بیٹا اسیر ہو

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# مدح حضرت محمد باقرؑ

یہ زمیں باقرؑ کی ہے یہ آسماں باقرؑ کا ہے
کیا زمیں کیا آسماں سارا جہاں باقرؑ کا ہے

جس طرح ہر خشک وتر کا علم ہے قرآن میں
ساری حکمت کی کتابوں میں بیاں باقرؑ کا ہے

پردۂ غیبت میں جو صدیوں سے ہے جلوہ نما
راز وہ قرآں کا ہے تو رازداں باقرؑ کا ہے

کیوں نہ نکلیں علم وحکمت کے خزانے دہر میں
جانشیں پردے میں اب بھی ساتھواں باقرؑ کا ہے

کوئی کیا سمجھے بھلا فقہائے دیں کی منزلت
یہ فقاہت کے چمن میں کارواں باقرؑ کا ہے

منہدم گر روضۂ باقرؑ ہوا تو کیا ہوا
چاہنے والوں کے سینوں میں مکاں باقرؑ کا ہے

کیا مجیبِؔ کم سخن سے ہو بھلا مدحِ امامؑ
خالقِ کونین ہی جب مدح خواں باقرؑ کا ہے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# سلام

ہوئی جہان سے رحلت امامِ باقرؑ کی
لہو رُلاتی ہے فرقت امامِ باقرؑ کی

عدو نے زہر دیا وارثِ محمدؐ کو
زمانہ سمجھا نہ عظمت امامِ باقرؑ کی

کلیجہ ہوگیا باقرؑ کا زہر سے ٹکڑے
قریبِ مرگ ہے حالت امامِ باقرؑ کی

ستمگروں نے دغا سے شہید کرڈالا
یتیم ہوگئی امت امامِ باقرؑ کی

وہ دردِ دل کا قلق اور وہ شب کی بے چینی
بیان کیا ہو مصیبت امامِ باقرؑ کی

پہاڑ رنج والم کا گرا یتیموں پر
کہ گھر سے نکلی جو میت امامِ باقرؑ کی

مجیبؔ خون کے آنسو بہا کے اہلِ عزا
منا رہے ہیں شہادت امامِ باقرؑ کی

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

غل یہ مدینے میں تھا ہوگئے باقرؑ شہید
چھائی غموں کی گھٹا ہوگئے باقرؑ شہید

رتبۂ شاہِ زمانؑ سمجھا نہ ظالم جہاں
دیدیا زہر دغا ہوگئے باقرؑ شہید

زہر نے چھوڑا اثر ہوگیا ٹکڑے جگر
ہونٹوں پہ دم آگیا ہوگئے باقرؑ شہید

ہے یہ مصیبت عظیم ہوگئے صادقؑ یتیم
ہر سو ہے ماتم بپا ہوگئے باقرؑ شہید

درد کا طوفاں اٹھا بچوں نے لیں ہچکیاں
گھر سے جنازہ چلا ہوگئے باقرؑ شہید

گریاں ہیں جن وملک ٹوٹا غموں کا فلک
گل ہوئی شمعِ ہدُا ہوگئے باقرؑ شہید

ہم سے مجیبِ حزیں چھٹ گئے شاہِ مبیںؑ
روتے ہیں اہلِ عزا ہوگئے باقرؑ شہید

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# (منقبت) مدح حضرت جعفر صادقؑ

جلوۂ نورِ کبریا صادقؑ
منزلِ حق کا راستہ صادقؑ

علم کا بحر بیکراں حیدرؑ
وارثِ علم مرتضیٰ صادقؑ

عالمُ الغیبِ والشّہادہ کا
اک مکمل ہے آئینہ صادقؑ

بیت حق کائنات کا قبلہ
قبلۂ بیتِ کبریا صادقؑ

گر پڑے مہروماہ سجدے میں
جونہی پھیلی تری ضیا صادقؑ

گوہر علم کا ذخیرہ ہے
تیرا ہر ایک فیصلہ صادقؑ

یوں ہی قائم رہے جناں میں بھی
تیری مدحت کاسلسلہ صادقؑ

اب جو فکر مجیبؔ ہے روشن
ہے یہ سب کچھ تری عطا صادقؑ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# سلام

جہاں میں برپا ہے ماتم امامِ جعفرؑ کا
لہو رلاتا ہے ہر غم امامِ جعفرؑ کا

عدو نے علم کے کعبے کو زہر سے ڈھایا
مقام سمجھا نہ عالم امامِ جعفرؑ کا

خدا ہی جانے کہ وہ زہر کتنا مہلک تھا
کلیجہ کٹتا ہے ہر دم امامِ جعفرؑ کا

ہوائیں تھم گئیں کانپا فلک زمیں لرزی
کہ جب نکلنے لگا دم امامِ جعفرؑ کا

عزا کا فرش بچھاتی ہیں زینبؑ کبریٰ
بتولؑ کرتی ہیں ماتم امامِ جعفرؑ کا

وہ چاہے علم کا میداں ہنر کی منزل ہو
کہ ذکر ہوتا ہے پیہم امامِ جعفرؑ کا

مجیبؔ خون کے آنسوں بہائیگی دنیا
پڑھیں گے مرثیہ جب ہم امامِ جعفرؑ کا

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

وقت کے ہونٹوں پہ نوحہ جعفرِ صادقؑ کا ہے
دینِ پیغمبر کو صدمہ جعفرِ صادقؑ کا ہے

دیدیا انگور میں زہرِ ہلاہل گھول کر
کس قدر دشمن زمانہ جعفرِ صادقؑ کا ہے

پیٹ کر خود اپنا سینہ موت نے دی یہ صدا
زہر سے ٹکڑے کلیجہ جعفرِ صادقؑ کا ہے

کتنا مہلک زہر تھا وہ دیکھئے یا فاطمہؑ
ہونٹ نیلے زرد چہرہ جعفرِ صادقؑ کا ہے

فرطِ غم سے چیر کر سینے کو یہ بولی زمیں
میری گودی میں جنازہ جعفرِ صادقؑ کا ہے

چشمِ بینا میں بسیرا ہے غمِ شبیر کا
دل کی ہر دھڑکن پہ قبضہ جعفرِ صادقؑ کا ہے

دستِ شفقت کون پھیرے گا یتیموں پر مجیبؔ
آگئے بچوں کے جنازہ جعفرِ صادقؑ کا ہے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# (منقبت) مدح امام موسیٰ کاظمؑ

آؤ الفت کے نغمے سناتے رہیں
محفل مدحِ کاظمؑ سجاتے رہیں

عشق کاظم ہی معراجِ ایمان ہے
ان کی چوکھٹ پہ سرکو جھکاتے رہیں

آؤ موسیٰ بنِ جعفر کی مدحت کریں
دار کو اپنا منبر بناتے رہیں

چھیڑ کر چاند تاروں میں ذکر امام
آسماں کو زمیں پر بچھاتے رہیں

رکھ کے بابُ الحوائج پہ اپنی جبیں
غم سناتے رہیں چین پاتے رہیں

بارگاہِ امامت پہ سجدے کریں
لطفِ جنت زمیں پر اٹھاتے رہیں

جشن کاظمؑ کا کر کے مجیبؔ اہتمام
خلد والوں کو گھر میں بلاتے رہیں

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# سلام

زہر سے لیتی ہے دنیا موسیٰؑ کاظمؑ کا دم
قید میں گھٹتا ہے مولا موسیٰؑ کاظمؑ کا دم

جسم کو زہرِ دغا نے اتنا لاغر کردیا
درد سے ہونٹوں پہ آیا موسیٰؑ کاظمؑ کا دم

اے سکینہ شام کے زندان سے تو آیئے
چھینتا ہے قید خانہ موسیٰؑ کاظمؑ کا دم

اے حسینؑ آجاؤ کاظمؑ کا کلیجہ تھام لو
اب نکلنے کو ہے مولا موسیٰؑ کاظمؑ کا دم

سارے عالم میں غموں کی آندھیاں چلنے لگیں
جیسے ہی سینے سے اُکھڑا موسیٰؑ کاظمؑ کا دم

ایسے لگتا ہے کہ اک چادر پڑی ہے فرش پر
ہائے کس عالم میں نکلا موسیٰؑ کاظمؑ کا دم

آسماں لرزا زمیں کو زلزلہ آیا مجیبؔ
جب تنِ لاغر سے چھوٹا موسیٰؑ کاظمؑ کا دم

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

زمانے بھر میں ہے شورِ ماتم تڑپ رہے ہیں امامِ کاظمؑ
ستمگروں نے ہے دیدیا سم تڑپ رہے ہیں امامِ کاظمؑ

وہ تنگ وتاریک قید خانہ ستمگروں کا وہ ظلم ڈھانا
یہ ماجرہ کیا بیاں کریں ہم تڑپ رہے ہیں امامِ کاظمؑ

دیا شقی نے یہ زہر کیسا کہ زرد ہے شہؑ کا جسم سارا
غموں سے قیدِ ستم میں پیہم تڑپ رہے ہیں امامِ کاظمؑ

بہت ہی نازک ہے شہؑ کی حالت نہیں ہے اٹھنے کی تن میں طاقت
سفیدی آنکھوں میں لب پہ ہے دم تڑپ رہے ہیں امامِ کاظمؑ

جھکا ہے سجدے میں شاہ کا سر کہ جیسے کوئی پڑی ہو چادر
غموں میں ڈوبا ہے سارا عالم تڑپ رہے ہیں امامِ کاظمؑ

جناں سے یا فاطمہؑ اب آؤ نجف سے شیرِ خدا اب آؤ
چلے بھی آؤ رسولِ اکرمؐ تڑپ رہے ہیں امامِ کاظمؑ

امام ہوتے ہیں ہم سے رخصت قریب ہے منزلِ شہادت
مجیبؔ گھر گھر ہے آج ماتم تڑپ رہے ہیں امامِ کاظمؑ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# (منقبت) مدح امام رضاؑ

الفت میں کیا امیر ہے اور کیا غریب ہے
جس کو رضاؑ بلالے وہی خوش نصیب ہے

جبریل جا کے کردو مدینے میں یہ خبر
مشہد میں بھی حبیبِ خدا کا حبیب ہے

یہ فخر موسیٰؑ اور وہ جادو گروں کی فوج
فرعونِ وقت کی یہ شرارت عجیب ہے

خطبوں سے اِس کے کیوں نہ دہل جائیں اہل شہر
اک منبرِ غدیر کا یہ بھی خطیب ہے

مشہد میں آکے پڑ گیا حیرت میں یہ جہاں
لاکھوں مریض اور اکیلا طبیب ہے

رکھ دو جہاں کے سارے خزانوں کو اک طرف
سب سے امیرؑ پھر بھی رضائے غریب ہے

جس کی رضا ہے شامل مرضیٔ کردگار
اُس بادشاہِ طوس کا نوکر مجیب ہے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# سلام

یہ کیسی بے کسی ہے رضائے غریبؑ کی
غربت میں جاں چلی ہے رضائے غریبؑ کی

ظالم نے زہر دیدیا کاظمؑ کے چاند کو
غمخوار چاندنی ہے رضائے غریب کی

بچوں سے دوری گھر سے جدائی وطن سے دور
مرقد بنی ہوئی ہے رضائے غریب کی

اے خواہرِ حسینؑ اب آکر سنبھالئے
ہمشیر رورہی ہے رضائے غریب کی

پرسانِ حال تک نہیں کوئی غریبؑ کا
میت پڑی ہوئی ہے رضائے غریب کی

ماتم کرو کہ آج شہادت کی رات ہے
مغموم روشنی ہے رضائے غریب کی

چلئے مجیبؔ شہرِ خراسان ہم چلیں
خیرات بٹ رہی ہے رضائے غریب کی

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

روتی ہے ساری خلقت مظلومیٔ رضاؑ پر
ہے ختم ہر مصیبت مظلومیٔ رضاؑ پر

اپنے وطن سے دوری بچوں سے بھی جدائی
نالہ کناں ہے غربت مظلومیٔ رضاؑ پر

وہ بے کسی غریبی تنہائی بے قراری
ٹوٹی ہر اک مصیبت مظلومیٔ رضاؑ پر

سلطان دیں کو آخر اعدا نے زہر دیکر
ڈھائی نئی قیامت مظلومیٔ رضاؑ پر

جانے وہ زہر کیسا مامون نے دیا تھا
گریاں ہے خود شہادت مظلومیٔ رضاؑ پر

گھر گھر ہے آج ماتم لرزاں ہیں دونوں عالم
محوِ بکا ہے خلقت مظلومیٔ رضاؑ پر

رب نے مجیبؔ کیسا دیں کو امام بخشا
نازاں ہے خود شریعت مظلومیٔ رضاؑ پر

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# (منقبت) مدح امام تقیؑ

قصیدہ برائے امامِ تقیؑ ہے
ہر اک شعر میرا بہ نامِ تقیؑ ہے

کہاں یہ زباں اور کہاں مدحِ مولا
یہ سب کچھ عطائے امامِ تقیؑ ہے

بجز پنجتنؑ جز خدا کون سمجھے
ہے کیا منزلت کیا مقامِ تقیؑ ہے

خدا سے ڈرو لوگ چاہیں گے تم کو
یہ مشہور قولِ امامِ تقیؑ ہے

یہ مانا کہ کعبے کی عظمت ہے عالی
مگر اس سے اونچا مقامِ تقیؑ ہے

ادب سے چلے آؤ اے اہلِ ایماں
"یہ جشنِ ظہورِ امامِ تقیؑ ہے"

جو سانچے میں کردار کے خود کو ڈھالے
وہی درحقیقت غلامِ تقیؑ ہے

مجیبؔ اپنی قسمت پہ نازاں ہے قسمت
کہ تو مدح خوانِ امامِ تقیؑ ہے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# سلام

اُٹھا آج سایا محمد تقیؑ کا
ہے غمگیں گھرانہ محمد تقیؑ کا

کہاں شہؑ کو چین وسکوں ہو میسر
ہے دشمن زمانہ محمد تقیؑ کا

غموں سے ہیں اترے یتیموں کے چہرے
کہ جب ساتھ چھوٹا محمد تقیؑ کا

دیا زہر ظالم نے دھوکے سے کیسا
جگر کانپ اٹھا محمد تقیؑ کا

اثر زہر نے کیا کلیجے پہ چھوڑا
ہوا جسم نیلا محمد تقیؑ کا

صدا آئی زہراؑ کی اے سوگوارو
اٹھاؤ جنازہ محمد تقیؑ کا

مجیبؔ ہر گھڑی جاکے قبرِ تقیؑ پر
پڑھوں گا میں نوحہ محمد تقیؑ کا

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

غم کی زمانے پر فضا چھاگئی چل بسے دنیا سے محمد تقیؑ
اہل عزا میں ہے عجب کھل بلی چل بسے دنیا سے محمد تقیؑ

زہر نے دکھلایا جو اپنا اثر پھٹ گیا دل ہوگیا ٹکڑے جگر
خون اگلتے ہوئے رب کے ولی چل بسے دنیا سے محمد تقیؑ

علم کے مینار کو ڈھایا گیا زہد کے گلشن کو جلایا گیا
درد سے مرجھا گئی ہر اک کلی چل بسے دنیا سے محمد تقیؑ

لاکھوں یتیم اور یہ قیامت کا دن ہائے وہ پچیس برس شہ کا سن
کیسی مصیبت کی گھڑی آگئی چل بسے دنیا سے محمد تقیؑ

سوگ نشیں غش میں ہیں سمجھائے کون شہؑ کے یتیموں پہ ترس کھائے کون
چاروں طرف ہوتی ہے نوحہ گری چل بسے دنیا سے محمد تقیؑ

سینوں سے طوفان مصیبت اٹھا آنکھوں سے اک اشکوں کا دریا بہا
سرد بھری آہوں کی آندھی چلی چل بسے دنیا سے محمد تقیؑ

خاک اڑاتا ہے زمانہ مجیبؔ روتا ہے سب شہ کا گھرانا مجیبؔ
غم سے تڑپتے ہیں علیؑ النقی چل بسے دنیا سے محمد تقیؑ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# (منقبت) مدح امام علی النقیؑ

اگر ہو عنایت علیؑ النقیؑ کی
کروں میں بھی مدحت علیؑ النقیؑ کی

شہنشاہیت کو ضرورت پڑی ہے
بہ وقتِ ضرورت علیؑ النقیؑ کی

کریں جس کی تعظیم خود جانور بھی
ہے ایسی فضیلت علیؑ النقیؑ کی

وہ کیسے بشر تھے وہ کیسے مسلماں
جو سمجھے نہ عظمت علیؑ النقیؑ کی

کہاں حکمرانوں کی ناکام چالیں
کہاں یہ سیاست علیؑ النقیؑ کی

کہاں دورِ محدود وہ ظالموں کا
کہاں بادشاہت علیؑ النقیؑ کی

نظر بند کر کے بھی لرزاں ہے باطل
ہے کس درجہ ہیبت علیؑ النقیؑ کی

مجیبؔ اب خدا سے دعا گو ہے یا رب
کرادے زیارت علیؑ النقیؑ کی

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# سلام

صفِ عزائے علیؑ النقیؑ بچھاتے ہیں
غمِ امامِ دہم اہلِ غم مناتے ہیں

نہ جانے زہر وہ کیسا دیا تھا ظالم نے
امام کرب سے بستر پہ بلبلاتے ہیں

یہ ظلم ٹوٹا ہے کیسا یتیم بچوں پر
سکون دن کو نہ راتوں کو چین پاتے ہیں

چلے بھی آؤ مدینے سے یا رسول اللہؐ
پدر کالاشہ حسن عسکریؑ اٹھاتے ہیں

کسی کو زہر سے مارا کسی کو خنجر سے
عدو یہ کیسا ستم اہلِ حق پہ ڈھاتے ہیں

ہماری آنکھوں سے بہتے ہیں خون کے آنسو
جگر امام کی فرقت سے تھرتھراتے ہیں

مجیبؔ اہلِ زمیں میں ہے شور آہ و بکا
فلک پہ چاند ستارے بھی غم مناتے ہیں

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

جہاں میں آج علیؑ النقیؑ کا ماتم ہے
محبوِّ ابنِ محمد تقیؑ کا ماتم ہے

عدوئے دیں نے جسے زہر سے ہلاک کیا
اُسی کا فرش بچھا ہے اُسی کا ماتم ہے

شفیق باپ کا سایا سروں سے کیا اٹھا
یتیم بچوں میں اک بے کلی کا ماتم ہے

ہیں غم گساروں کی آنکھوں میں اشک کے طوفاں
دلوں میں برپا امامِ نقیؑ کا ماتم ہے

عزیزو اپنے سروں پر اُڑاؤ خاکِ عزا
ولی رب کا وصی نبیؐ کا ماتم ہے

امام آج کی شب کیا اٹھے زمانے سے
کہ اہلِ غم میں عجب بے کسی کا ماتم ہے

مجیبؔ دہر میں کیا چھا گئی غموں کی گھٹا
ہر ایک شئے میں علیؑ النقیؑ کا ماتم ہے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# (منقبت) مدح امام حسن العسکریؑ

ہے موسم سہانا درِ عسکریؑ پر
سناؤں ترانہ درِ عسکریؑ پر

مرے ساتھ کب سے فقیروں کی صف میں
کھڑا ہے زمانہ درِ عسکریؑ پر

زمانے کے ماروں سے بولا زمانہ
نصیب آزمانا درِ عسکریؑ پر

قدم چوم لینگی ہزاروں منازل
بس اک بار آنا درِ عسکریؑ پر

اگر چاہتے ہو ملے بادشاہت
سر اپنا جھکانا درِ عسکریؑ پر

وہ مسکین ہو یا غنی سب کو یکساں
مِلا آب ودانہ درِ عسکریؑ پر

مدینے کی جاگیر مکے کی دولت
ہے سارا خزانہ درِ عسکریؑ پر

صدا یوں ہی یارب مجیبؔ حزیں کا
رہے آنا جانا درِ عسکریؑ پر

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# سلام

مومنو فرشِ مجلس بچھاؤ ہے شہادت حسن عسکریؑ کی
آنسوؤں کی جگہ خوں بہاؤ ہے شہادت حسن عسکریؑ کی

غم کی مسندلوں میں بچھا کر کالے جھنڈے گھروں پر لگا کر
ماتمی انجمن کو سجاؤ ہے شہادت حسن عسکریؑ کی

چھٹ رہا ہے امام آج ہم سے دل تڑپتے ہیں فرطِ الم سے
آنکھ سے غم کے طوفاں اٹھاؤ ہے شہادت حسن عسکریؑ کی

کھوگیا چین دینِ مبیں کا اٹھا سایا شہنشاہِ دیں کا
خاک اپنے سروں پر اُڑاؤ ہے شہادت حسن عسکریؑ کی

غمگسار و حسن عسکریؑ کا دو امامِ زمانہ کو پُر سہ
آؤ عاشور خانوں میں آؤ ہے شہادت حسن عسکریؑ کی

آرہے ہیں فلک سے فرشتے انبیاء آرہے ہیں جناں سے
آسماں کو زمیں پر بچھاؤ ہے شہادت حسن عسکریؑ کی

چاک کرلو مجیبؔ اب گریباں کرکے بالوں کو اپنے پریشاں
آنسوؤں کے خزانے لٹاؤ ہے شہادت حسن عسکریؑ کی

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

ہائے کیسا ستم عسکریؑ پر ہوا
حملۂ تیغِ سَم عسکریؑ پر ہوا

ظالموں نے نظر بند شہؑ کو کیا
چین سے دو گھڑی بھی نہ جینے دیا
ظلم ہر اک قدم عسکریؑ پر ہوا

شہؑ کو تاریک زنداں میں رکھا گیا
زہر اُن کی غذا میں ملایا گیا
یہ ستم دم بدم عسکریؑ پر ہوا

یا الٰہی یہ کیسی قیامت ہوئی
کٹ گئی قید میں شاہ کی زندگی
کیسا کیسا ستم عسکریؑ پر ہوا

قید میں شہ نے لیں آخری ہچکیاں
چھا گئی سارے عالم پہ ویرانیاں
ختم ہر ایک غم عسکریؑ پر ہوا

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



غیب سے مہدی دیں کی شرکت ہوئی
اور نمازِ جنازہ پڑھائی گئی
یوں خدا کا کرم عسکریؑ پر ہوا

ہیں مجیبؔ اپنے افکار مصروفِ غم
شاہ کے غم پہ قرباں ہوئیں چشمِ نم
دل فدا دم بدم عسکریؑ پر ہوا

## قطعہ

نیکیوں سے رُخِ نیاز پڑھو
شب کی آنکھوں سے دن کے راز پڑھو
گر امامِ زمانؑ سے ملنا ہے
اوّلِ وقت تم نماز پڑھو

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# صدائے منتظر

جرار چلے آؤ کرار چلے آؤ
اُلٹا کے نقاب اپنی سرکار چلے آؤ

ہم آپ کی راہوں میں نظروں کو بچھائے ہیں
خود مصر سے یوسفؑ بھی دیدار کو آئے ہیں
اے حسن کی دنیا کے سردار چلے آؤ

پانی پہ مصلیٰ ہو مکّے میں جماعت ہو
ماموم نبوّت ہو کچھ ایسی امامت ہو
ہیں عرش پہ عیسیٰؑ بھی تیار چلے آؤ

خونِ شہ والا کا لینا ہے تمہیں بدلا
عباسِ دلاور کا ارمان کہاں نکلا
اے فاتحِ خیبر کی تلوار چلے آؤ

پیاسوں کی صفِ ماتم شعلوں پہ بچھانا ہے
بہتے ہوئے پانی پر غم شہؑ کا منانا ہے
اے سبطِ پیمبر کے غمخوار چلے آؤ

ارمانِ مجیبؔ اب بھی وابستہ ہیں پردے سے
مدّت سے مری نظریں پیوستہ ہیں پردے سے
سو جان فدا تم پر اک بار چلے آؤ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# جوابِ امامِ زمانہؑ

ہر حال میں آؤنگا ہر دل میں سماؤنگا
اک روز نقاب اپنے چہرے سے اٹھاؤنگا

اے شہؑ کے عزادار ویوسفؑ سے زرا کہدو
شبیرؑ کی مجلس میں اکبرؑ کو بھی آنے دو
پھر حسنِ مجسم کا دیدار کراؤنگا

جبریل زرا جاکر عیسیٰؑ سے یہ کہدینا
کوثر سے وضو کرکے مکے میں چلے آنا
میں اپنے مصلےٰ کو پانی پہ بچھاؤنگا

عباس جریؑ اور میں آئینگے جو لڑنے کو
پھر جعفرؑو حیدرؑ ہی یاد آئیں زمانے کو
میں دستِ وفا بن کر تلوار چلاؤنگا

دریا کی روانی میں ہو مرثیہ پیاسوں کا
شعلوں میں بھی ماتم ہو شبیرؑ کے خیموں کا
اِس شان سے غازیؑ کے پرچم کو اٹھاؤنگا

سب لوگ مجیبؔ اپنے دیدار کے ہیں طالب
کہدینا کہ نفسوں پر عقلوں کو رکھو غالب
میں پردۂ غیبت سے کچھ دیر میں آؤنگا

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نظم

## نورِ محمدؐ علیؑ

نہ دو جہاں تھے نہ ارض و سما مگر وہ تھا
نہ جن و انس وملک کچھ نہ تھا مگر وہ تھا

خدا نے چاہا کہ پہچانا جاؤں وحدت سے
میں کام لونگا رسالتؐ سے اور امامتؑ سے

نبیؐ رسولِ جہاں اور علیؑ امامِ جہاں
یہ دونوں ہستیاں یکساں ہیں مرتبے میں نہاں

خلاصہ ہونے لگا یوں نظامِ شمسی کا
مہینہ پہلا محرم ہے سالِ قمری کا

حساب ہوتے ہیں ابجد سے علم وحکمت کے
عدد بھی سانچے میں ڈھلتے رہے عبادت کے

مہینہ تیسرا اور سترہ ربیع الاوّل
عدد یہ بیس ہیں سرکارؐ کی ولادت کے

مہینہ ساتھواں ہے اور رجب کی تیرہ ہے
عدد بھی بیس ہیں کرار کی ولادت کے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



مہینہ دوسرا اور ہیں سفر کی اٹھائیس
عدد یہ تیس ہیں سرکارؐ کی شہادت کے

نواں مہینہ تو اِکّیس ماہِ رمضاں ہے
عدد بھی تیس ہیں کرار کی شہادت کے

ولادتوں کے عدد ان کے بیس بیس بنے
شہادتوں کے عدد بھی ہیں تیس تیس بنے

اِسی کو کہتے ہیں سو فی صدی خدا کی مدد
پچاس اِن کے عدد اور پچاس اُن کے عدد

کتابِ کنزِ خفی میں وہ جس کے قصے ہیں
علیؑ نبیؐ تو اُسی نور کے دو حصے ہیں

حرم سے لینے علیؑ کو نبیؐ نکلتا ہے
کہ نصف نور سے یوں نصف نور ملتا ہے

مجیبؔ جس نے علی مرتضیٰؑ کو جانا ہے
نبیؐ کو جانا ہے اُس نے خدا کو جانا ہے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ جناب فاطمہ زہراؑ

ہائے کس حال میں اٹھی تری میت زہراؑ
کتنی پر ہول ہے یہ شامِ قیامت زہراؑ

باغِ فردوس کے سردار ترے گھر کے پلے
آئے جب شافعِ محشرؐ تری چادر کے تلے
دور اک پل میں ہوا ضُعفِ رسالتؐ زہراؑ

کیوں نہ قرآن تجھے مرکزِ تطہیر کہے
کیوں نہ اسلام تجھے کاتبِ تقدیر کہے
تیری ٹھوکر میں زمانے کی ہے قسمت زہراؑ

بعد بابا کے ترا ہوگیا جینا دوبھر
تیرے پہلو پہ گرایا گیا جلتا ہوا در
ہو گئی یوں ترے محسنؑ کی شہادت زہراؑ

پَسلیاں ٹوٹیں کمر ٹوٹی کلیجہ ٹوٹا
غم کے طوفان اٹھے صبر نہ تیرا ٹوٹا
تجھ پہ توڑی گئی ہر ایک مصیبت زہراؑ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



سال اٹھاّرواں راس آیا نہ بی بی تجھ کو
نوجوانی میں ہی آئی ہے ضعیفی تجھ کو
تونے کس عمر میں پائی ہے شہادت زہرا

آج اشفاقؔ اور انفاسؔ کے کُھل جائیں نصیب
مدتوں سے ہے یہی ایک تمنائے مجیبؔ
ہو میسّر ترے روضے کی زیارت زہراؑ

## قطعہ

مقصد حق سے ہے کتنا متصل زہراؑ کا گھر
کربلا میں ہوگیا ہے منتقل زہراؑ کا گھر
ایک قبر فاطمہؑ کل کیا ہوئی جو منہدم
آج کہلاتا ہے ہر شیعہ کا دل زہراؑ کا گھر

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

حسینؑ آواز دے رہے ہیں مجھے گلے سے لگالو اماّں
مرے قدم کانپنے لگے ہیں مجھے گلے سے لگالو اماّں

اب اپنے بندِ کفن کو کھولو اب اپنی باہوں میں مجھ کو لے لو
بلا رہا ہے حسین اٹھّو مجھے گلے سے لگالو اماّں

بچھڑ کے تم سے نہ جی سکونگا میں کیسے فرقت کا غم سہونگا
یہ سوچکر پھٹ رہا ہے سینہ مجھے گلے سے لگالو اماں

یتیم بچّے اداس چہرے شبِ قیامت غموں کے پہرے
ہیں چار سو موت کے نظارے مجھے گلے سے لگالو اماّں

خموش کیوں ہو مجھے بتاؤ نہ یوں دُکھے دل کو پھر دکھاؤ
مری یتیمی پہ رحم کھاؤ مجھے گلے سے لگالو اماّں

یہ ظلم اور وہ نبیؐ کی اُمّت اندھیری شب اور تمہاری میت
قریب ہے اب تو وقتِ رخصت مجھے گلے سے لگالو اماّں

مدینے بھر میں ہے شورِ گریہ اندھیرا چاروں طرف ہے پھیلا
اٹھیگا کچھ دیر میں جنازہ مجھے گلے سے لگالو اماّں

تقی کی آنکھیں مجیبؔ کا دل ہوئے یتیموں کے غم میں شامل
کہ پھر بھی جینا ہوا ہے مشکل مجھے گلے سے لگالو اماّں

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

ویراں ہے دشتِ کربلا زینبؑ اکیلی ہوگئی
باغ نبیؐ لوٹا گیا زینبؑ اکیلی ہوگئی

غم کی گھٹا ہے چار سو پردیس میں عاشورہ کو
شہؑ کا بھرا گھر لٹ گیا زینبؑ اکیلی ہوگئی

عونؑ و محمدؑ چل بسے آئے زمیں کو زلزلے
خیموں میں ہے شور بکا زینبؑ اکیلی ہوگئی

شبیرؑ کا سر کٹ گیا آندھی چلی طوفاں اٹھا
سورج یہ کہکر چھپ گیا زینبؑ اکیلی ہوگئی

اصغرؑ اٹھو اکبرؑ اٹھو اے قاسمؑ بے پر اٹھو
اٹھو علمدارِ وفا زینبؑ اکیلی ہوگئی

بستر جلا اٹھا دھواں لائیں عدو نے بیڑیاں
جاگو مریض کربلا زینبؑ اکیلی ہوگئی

اہل ستم کے درمیاں ہیں ننگے سر شہزادیاں
کوئی نہیں ہے آسرا زینبؑ اکیلی ہوگئی

غم سے مجیبؔ آنکھیں ہیں تر تھا موخلیلؔ اپنا جگر
بھائی بہن سے چھٹ گیا زینبؑ اکیلی ہوگئی

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

بھائی کی بے کسی پر ہمشیر رو رہی ہے
مہتابِ کربلا کی تنویر رو رہی ہے

شہؑ نے جواں کا لاشہ پیری میں کیا اٹھایا
خوابِ خلیلِ حق کی تعبیر رورہی ہے

صغراؑ کے خط کو پڑھکر شہؑ بولے دیکھو اکبرؑ
تھرّا رہا ہے نامہ تحریر رو رہی ہے

سقائے شاہ پیاسا کیا علقمہ سے پلٹا
قرآنِ تشنگی پر تفسیر رو رہی ہے

مقتل میں لاشِ اصغر دفنارہے ہیں سرورؑ
ننھی لحد بنا کر شمشیر رورہی ہے

لمبا سفر اسیری عابدؑ کی ناتوانی
مغموم بیڑیاں ہیں زنجیر رو رہی ہے

زینبؑ کی بے ردائی کیا آسماں نے دیکھا
سورج کی آنکھیں نم ہیں تنویر رو رہی ہے

فکرِ مجیبؔ پڑھ کر نوحہ تقی کا سنکر
گریہ کناں قلم ہے تحریر رورہی ہے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

میں ہوں بے ردا بھیاؑ تو ہے بے کفن بھیاؑ
دے تجھے کفن کیسے یہ تیری بہن بھیاؑ

تھا وفاؤں پر جسکی ناز میری چادر کو
اب نہ وہ محافظ ہے اور نہ آسرا سرکو
قید ہوکے جاتی ہے میری انجمن بھیاؑ

دھوپ سے دہکتے ہیں پتھروں سے انگارے
خاردار راہوں پر میں سفر کروں کیسے
آبلے ہیں پاؤں میں ہاتھ میں رسن بھیاؑ

یاد ہیں وہ دن جب میں تھی یہاں کی شہزادی
اب اسیر کرلائی مجھکو بے کسی میری
کوفیوں کا مجمع ہے کیا کرے بہن بھیاؑ

ظالموں نے برسائے جب مریض پر کوڑے
پشت سے لہو اُبلا روئے پاؤں کے چھالے
درد وغم سے عابدؑ کا کانپتا ہے تن بھیاؑ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



قصر شام کی جانب اب قدم بڑھیں کیسے
شرم کھائے جاتی ہے مرنہ جاؤں غیرت سے
راستوں میں بیٹھے ہیں سارے مرد وزن بھیاؔ

گودیاں ہوئیں خالی ذبح ہوگئے بچّے
کٹ کے رہگئیں شاخیں ہوگئے جُدا غنچے
ایک دوپہر ہی میں لٹ گیا چمن بھیاؔ

وہ مجیبؔ کا لکھنا اور خلیلؔ کا پڑھنا
قبرِ شہؑ پہ زینبؑ کا گر کے یہ صدا دینا
چھوڑ کر تجھے کیسے جاؤں میں وطن بھیاؔ

## قطعہ

بھائی تو سوگیا تھا بچاکر نماز کو
رکھلی بہن نے جاگ کے عزت نماز کی
زینبؑ نے ایک وقت میں دوکام ہیں کئے
عابدؑ کی دیکھ بھالی حفاظت نماز کی

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

اونچا ہے آسماں سے پنجہ ترے علم کا
جنت میں ہو رہا ہے چرچا ترے علم کا

عباسؑ جب بھی ہم نے تیرا علم اٹھایا
لینے لگا فلک بھی بوسہ ترے علم کا

پڑھتا ہے چاند تیرے ایثار کی نمازیں
سورج بھی کر رہا ہے سجدہ ترے علم کا

اتنا بلند تو نے پرچم کو کر دیا ہے
پڑتا ہے دو جہاں پر سایہ ترے علم کا

ہر شئے سے آرہی ہے آوازِ وا حُسیناؑ
جانے کہاں کہاں ہے چرچا ترے علم کا

اُسکے قدم ہمیشہ چومیگی کامیابی
اک بار جس نے چوما پنجہ ترے علم کا

یہ جذبہ ہائے ماتم یہ عزمِ نوحہ خوانی
مجلس میں بٹ رہا ہے صدقہ ترے علم کا

مقبولؔ اور امانتؔ پڑھتے ہیں تیرے نوحے
فکرِ مجیبؔ پر ہے سایہ ترے علم کا

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

لہرا رہا ہے پیاس کا پرچم لبِ فرات
ہوتا رہے حسینؑ کا ماتم لبِ فرات

غازیؑ کے ہاتھ کٹ گئے فریاد یا علیؑ
سر پیٹتے ہیں مرسلِ اعظمؐ لبِ فرات

ٹوٹی کمر حسینؑ کی زینبؑ کا دل پھٹا
مارا گیا جو وارثِ پرچم لبِ فرات

آواز دی دلیر نے شبیرؑ المدد
سینے میں گھٹ رہا ہے مرا دم لبِ فرات

مقتل میں ڈھونڈتے ہوئے غازیؑ کی لاش کو
ستّر جگہ گرے شہ عالمؑ لبِ فرات

پیاسا شہید ہوگیا سقّائے اہلبیتؑ
موجیں تڑپ کے کہتی ہیں ہر دم لبِ فرات

ٹھکرا دیا ہے جب سے جریؑ نے فرات کو
اس دن سے ہے فرات کا سر خم لبِ فرات

اہلِ عزا سے کہتے ہیں اشفاقؔ اور مجیبؔ
آؤ علم کو لیکے چلیں ہم لبِ فرات

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ سیّد سجّادؑ علیہ السلام

ہائے سجّادؑ کی تنہائی پہ رونا آیا
ناتوانی کو توانائی پہ رونا آیا

شورِ ماتم تھا اِدھر لوگ اُدھر ہنستے تھے
خیمے جلتے تھے اِدھر باجے اُدھر بجتے تھے
وقت کو ظلم کی شہنائی پہ رونا آیا

اک رسن بارہ گلے اور وہ اسیروں کی قطار
شمر کا پنجہ سکینہؑ کے وہ نازک رخسار
ناتواں بھائی کو ماں جائی پہ رونا آیا

پوچھا زینبؑ نے کہ کیوں روتے ہو بولو بھیّا
آئی آواز یہ بازارِ ستم ہے بہنا
بھائی کو یوں تری رسوائی پہ رونا آیا

جب سناں پر سرِ شبیرؑ کو روتے دیکھا
رو کے راہب نے کہا کاش میں اندھا ہوتا
آج ان آنکھوں کو بینائی پہ رونا آیا

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



بولے عابدؑ مری گردن سے ٹپکتا تھا لہو
کھینچ کر جب مجھے دربار میں لے آئے عدو
اسطرح میری پزیرائی پہ رونا آیا

اٹھے سجادؑ جو دفنا کے بہن کا لاشہ
آسماں رویا زمیں روئی زمانہ رویا
قید خانے کو بھی اِس بھائی پہ رونا آیا

بولے مقبولؔ وامانتؔ سے تڑپکر یہ مجیبؔ
پشت پر کوڑے برستے ہی رہے ہائے نصیب
جب بھی سجادؑ کو ماں جائی پہ رونا آیا

## قطعہ

نوکِ سناں پر شاہؑ کا سرقرآں کی تلاوت کرتا ہے
ہادئ دیں ہر حال میں یوں اُمّت کی ہدایت کرتا ہے
دھوپ کی شدت پاؤں میں بیڑی راہ میں کانٹے لمبا سفر
اَیسے کٹھن حالات میں بھی سجادؑ عبادت کرتا ہے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



## سلام

اُمِّ لیلیٰؑ نے کہا پیٹ کے سینہ اکبرؑ
خوں میں غلطاں ہے ترا چاند سا چہرہ اکبرؑ

بی بیوں میں ہے یہ کہرام کہ اِنّا للہ
ماں کے ارمانوں کا اٹھتا ہے جنازہ اکبرؑ

کتنا ارماں تھا تری شادی رچانے کا مجھے
موت نے بڑھکے سجایا تیرا سہرا اکبرؑ

ہائے وہ حُسن وہ صورت وہ جوانی تیری
لمحہ بھر کے لئے بھولیگی نہ لیلیٰ اکبرؑ

سامنے میرے جوانی تری پامال ہوئی
رب نہ دکھلائے کسی کو یہ نظارہ اکبرؑ

جسکا اٹھارہ برس والا پسر مر جائے
اُس کا گھر رہنے کے قابل نہیں رہتا اکبرؑ

چین شاید دل مضطر کو مرے مل جائے
دو گھڑی کے لئے سینے سے تو لگ جا اکبرؑ

کیوں نہ پُردرد ہوں افکارِ خلیلؔ اور مجیبؔ
پڑھ رہے ہیں وہ تری یاد میں نوحہ اکبرؑ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

کمر شبیرؑ کی خم ہوگئی ہے علی اکبرؑ کی میت آرہی ہے
زمین کربلا تھرّا رہی ہے علی اکبرؑ کی میت آرہی ہے

کہا فضہؑ نے زینبؑ سے تڑپکر وہ دیکھو آرہے ہیں رَن سے سرورؑ
ضعیفی ٹھوکریں کھانے لگی ہے علی اکبرؑ کی میت آرہی ہے

بڑھاپے کا سہارا چھن گیا ہے تیرا بھائی اکیلا ہوگیا ہے
مری دنیا اُجڑ کر رہ گئی ہے علی اکبرؑ کی میت آرہی ہے

بہن زینبؑ چلو کلثومؑ اٹھّو بھتیجے کی صفِ ماتم بچھالو
کمائی فاطمہؑ کی لٹ چکی ہے علی اکبرؑ کی میت آرہی ہے

سناں اکبرؑ کے سینے سے جو نکلی نکل آیا سناں کے ساتھ دل بھی
جوانی ہاتھ اپنے مل رہی ہے علی اکبرؑ کی میت آرہی ہے

ذرا سیدانیو حلقہ بنالو سنبھالو اُمِّ لیلیٰؑ کو سنبھالو
نشانی مصطفیٰؐ کی مٹ چکی ہے علی اکبرؑ کی میت آرہی ہے

تڑپتی ہیں اِدھر لاچار پھوپیاں اُدھر بہنوں کے سر ہیں غم سے عریاں
علی اکبرؑ کی ماں غش میں پڑی ہے علی اکبرؑ کی میت آرہی ہے

دیارِ کربلا میں ہو کے نالاں مجیبؔ آتے ہیں یوسفؔ اور مہرباںؔ
فضا ماتم کی ہر سو چھا رہی ہے علی اکبرؑ کی میت آرہی ہے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

مری جان قاسمؑ تو جب سے ہے چھوٹا
قیامت کی گھڑیاں گزرتی ہیں بیٹا

مرے پاس آ تیری زلفیں سنواروں
بلائیں لوں صدقہ میں تیرا اُتاروں
میں قربان تری نوجوانی کے بیٹا

جوانی میں کیسی تجھے نیند آئی
زرا دیکھ اٹھ میرے گھر کی تباہی
تری ماں پہ کوہِ مصیبت ہے ٹوٹا

تجھے میں نے گھوڑے سے گرتے بھی دیکھا
ترا جسم ٹکڑوں میں بٹتے بھی دیکھا
ترے تن کو شہؑ نے ردا میں سمیٹا

مرے سامنے تیرے تن کے ہیں ٹکڑے
کہ جیسے یہ قلبِ حسنؑ کے ہیں ٹکڑے
کروں کیسے میں تری میت اِکٹھا

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



نہ راس آئی تیرا برس کی جوانی
اجل نے مٹائی حسنؑ کی نشانی
مرے گھر کو خود کربلا ہی نے لوٹا

تو خاموش کیوں ہے بتا میرے پیارے
بس ایک بار ماں کہکے مجھ کو بلا لے
تو کیوں اِس طرح اپنی ماں سے ہے روٹھا

حیاتِ مجیبِؔ حزیں طول کردے
دعائے امانتؔ بھی مقبول کردے
یہ سارے ہیں تیرے عزادار بیٹا

## قطعہ

پرُنور ہیں فضائیں معطر چمن ہے آج
جشن ظہور قاسمؑ گل پیرہن ہے آج
باب حَسنؑ پہ بھیڑ فرشتوں کی ہے مجیبؔ
جنت سے بھی حسین درِ پنجتنؑ ہے آج

Presented By: https://jafrilibrary.com
Presented by Ziaraat.Com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

عونؑ و جعفرؑ آ گئے ہیں خون میں ڈوبے ہوئے
ماں نے بچوں کی وفا پر شکر کے سجدے کئے

کہتے تھے عونؑ و محمدؑ اے شہؑ ہر دوسرا
یہ گزارش ہے ہماری ماں سے کہہ دینا زرا
قتل ساحل پر ہوئے بچے بنا پانی پیئے

عصر کے ہنگام یہ کیسی چلی بادِ خزاں
ہوگیا تاراج گلشن چھا گئیں ویرانیاں
بُجھ گئے مقتل میں زینبؑ کی اُمیدوں کے دیئے

اک بہ اک آوازِ ماتم قتل گاہوں سے اٹھی
زینبؑ دلگیرؑ کی گودی اُجڑ کر رہ گئی
شاہزادے موت کی گودی میں جاکر سو گئے

گرِ پڑا کوہِ مصیبت اہلبیتِ پاک پر
زینبِؑ مضطرؑ گریں غش کھا کے جلتی خاک پر
شاہ جب گھر میں گئے بچوں کے لاشوں کو لیئے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



بال بکھرائے ہوئے رونے لگیں سیدانیاں
اپنے منہ پر خاک مل کر کرتی تھی زینبؑ فغاں
نونہالوں سے بچھڑ کر ماں بھلا کیسے جئے

کانپ اُٹھا آسماں آیا زمیں کو زلزلہ
چوم کر لاشوں کو جسدم بولے شاہِ کربلا
چاند پر قربان تارے ہوگئے ہنستے ہوئے

بولے مقبولؔ اور امانتؔ آ کے ساحل کے قریب
شہ کے جب دونوں سپاہی نہر پر پہنچے مجیب
چھوڑ کر دریا کو بھاگے اشقیا کہتے ہوئے

## قطعہ

گردن اُدھر حسینؑ کے تن سے جُدا ہوئی
زینبؑ اِدھر مبلّغۂ کربلا ہوئی
بھائی کا ایک سجدہ بچانے کے واسطے
شب کی نماز تک نہ بہن سے قضا ہوئی

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

بابا کسی غریب کا ایسا سفر نہ ہو
غربت میں اسطرح کوئی ویران گھر نہ ہو

میں دیکھتی رہی کہ ہوا قتل آپ کا
دکھلائے رب نہ بیٹی کو یہ حال باپ کا
سر جسم سے کسی کے جدا اسقدر نہ ہو

داغِ یتیمی کیا ہے خبر تک نہ تھی مجھے
یہ بات آپ ہی نے تو بتلائی تھی مجھے
بچہ وہی یتیم ہے جسکا پدر نہ ہو

جب بھی طمانچے مارتا تھا شمرِ بد گہر
بابا تڑپ تڑپ کے میں گرتی تھی خاک پر
بیٹی کے آگے باپ کا نیزے پر سر نہ ہو

کوفے کی راہ میں کبھی بازارِ عام میں
اہلِ ستم کے سامنے دربارِ شام میں
میری طرح کسی کا بھی عریاں سر نہ ہو

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



جکڑا ہوا ہے میرا گلا رسیوں کے بیچ
میں بے ردا کھڑی تھی تماشائیوں کے بیچ
بازارِ شام جیسی کوئی رہ گزر نہ ہو

گودی میں اپنی لیکے سرِ شاہ انسؑ وجاں
محسؔن مجیبؔ بالی سکینہ نے کی فغاں
مجھ غم زدہ کی طرح کوئی بے پدر نہ ہو

## قطعہ

کنیزوں کو سکینہؑ حوصلہ خیرات کرتی ہے
اسیری میں رہائی کی ادا خیرات کرتی ہے
حجاب و عفت و شرم و حیا پردہ نقاب عصمت
یہ زیور اب بھی زینبؑ کی ردا خیرات کرتی ہے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

جاگ مری جان مری جان علی اصغرؑ
ماں ہے پریشان پریشان علی اصغرؑ

لے گئی ہَل مِن کی صدا تجھکو سرِ کربلا
عمر تھی چھ ماہ کی اور کام تو صدیوں کا تھا
تو نے بس اک آن میں یہ فاصلہ طے کرلیا
اٹھ اے مرے دین کی پہچان علی اصغرؑ

جھولا تو ویران ہے میں جھولا جھلاؤں کیسے
گود بھی خالی ہے مری لوری سناؤں کیسے
بول مرے تشنہ دہن دودھ پلاؤں کیسے
شام ہوئی آجا مری جان علی اصغرؑ

تجھکو قضا کھینچ کے اس دشت میں جب لائی تھی
پیاس کی شدت سے لبوں پر تری جان آئی تھی
عصر تلک آگ تو سورج نے بھی برسائی تھی
اب بھی دہکتا ہے یہ میدان علی اصغرؑ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



تیرے شلوکے ترا کرتا مرے تشنہ دہاں
تیرا گلو بند ترے جھولے کی کچھ لکڑیاں
گھٹنیوں چلنا وہ ترا وہ تری انگڑائیاں
یہ ہیں مرے جینے کے سامان علی اصغرؑ

مقصد شبیرؑ کو دی تو نے نئی زندگی
تو نے سمندر کے مقدر میں لکھی تشنگی
سونپ دی اسلام کے ہونٹوں کو ہنسی سونپ دی
تجھ پہ مری جان ہو قربان علی اصغرؑ

سوچتی تھی گھر کو بڑی شان سے جاؤنگی میں
تیری جوانی کے حَسیں خواب سجاؤنگی میں
تجھکو تیرے دادا علیؑ جیسا بناؤنگی میں
خاک میں سب مل گئے اَرمان علی اصغرؑ

گریہ کناں سب ہیں محبِّ اصغر بے شیرؑ پر
روتے ہیں مقبولِ حزیں اپنا جگر تھام کر
اصغر بے شیرؑ کی ماں کہتی ہیں سر پیٹ کر
دل میں ہے اک درد کا طوفان علی اصغرؑ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

صغراؑ نے خط میں لکھا اکبرؑ چلے بھی آؤ
مشکل ہے میرا جینا اکبرؑ چلے بھی آؤ

بابا کی یاد مجھ کو تڑپا رہی ہے بھائی
بہنوں کا وہ بچھڑنا پھوپیوں کی وہ جدائی
پھٹتا ہے غم سے سینہ اکبرؑ چلے بھی آؤ

فرقت کا جان لیوا صدمہ سہوں میں کب تک
خالی مکاں میں تنہا بھیا رہوں میں کب تک
ویران ہے مدینہ اکبرؑ چلے بھی آؤ

تنہائیوں نے بھیا چھینی مری جوانی
بیماریوں سے مجھ پر چھانے لگی ضعیفی
اجڑی ہے میری دنیا اکبرؑ چلے بھی آؤ

کیسے جیوں بتاؤ تم سب سے میں بچھڑ کر
بے ہوشیوں کے حملے ہوتے ہیں مجھ پہ اکثر
کس کو سناؤں دکھڑا اکبرؑ چلے بھی آؤ

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



میرے چچا سے کہہ دو صغرؑا کو لینے آئیں
بیمار ہے بھتیجی اس پر ترس تو کھائیں
تکتی ہوں کب سے رستہ اکبرؑ چلے بھی آؤ

میری طرف سے بھیا اصغرؑ کو پیار کرنا
ماں باپ کو بہن کو میرا سلام کہنا
یاد آرہا ہے کنبہ اکبرؑ چلے بھی آؤ

انفاسؔ پیٹ کر سر اشفاق سے یہ بولے
جس دم مجیبؔ ہم سب کرب وبلا میں پہنچے
قاصد نے خود پکارا اکبرؑ چلے بھی آؤ

## قطعہ

یوسفؑ کا حسن حسن کی پہلی مثال ہے
اور یوسفِ حسینؑ مکمل جمال ہے
دیکھا جو دینِ حق کا سراپا تو یوں لگا
اکبرؑ کی عمر آج بھی اٹھارہ سال ہے

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# نوحہ

## درحالِ صبح عاشورہ

اے کربلا بچھا دے مصلّیٰ حسینؑ کا
رن میں اذان دیتا ہے بیٹا حسینؑ کا

اکبرؑ کی یہ اذان وہ عاشور کی سحر
مصروف ہے نماز میں کنبہ حسینؑ کا

تسبیحِ کبریا کی صدائیں بلند ہیں
ڈوبا ہے ذکرِ حق میں قبیلہ حسینؑ کا

راہِ خدا میں شوقِ شہادت لئے ہوئے
تیار ہورہا ہے گھرانہ حسینؑ کا

گھیرے ہوئے ہیں چاروں ~~سے~~ طرف عدوئے دیں
آفت میں مبتلا ہے قبیلہ حسینؑ کا

اٹھتی ہیں العطش کی صدائیں خیام سے
تھرا رہا ہے غم سے کلیجہ حسینؑ کا

تیاریاں ہیں فوجِ یزیدی میں جنگ کی
مصروفِ امتحان ہے قبیلہ حسینؑ کا

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



کلثومؑ لے رہی ہیں بلائیں حسینؑ کی
زینبؑ اتارتی رہیں صدقہ حسینؑ کا

بچوں میں ہائے پیاس کا اٹھے گا شور و غل
ہٹ جائے گا فرات سے خیمہ حسینؑ کا

تاراج ہوگا دشت میں فروہؑ کا گلستاں
ہوجائے گا شہید بھتیجا حسینؑ کا

برچھی جگر پہ کھائے گا جب اکبر جواں
پھٹ جائے گا غموں سے کلیجہ حسینؑ کا

اکبرؑ کی نوجوانی جوانی پہ روئے گی
کھائے گا ٹھوکریں جو بڑھاپا حسینؑ کا

خوں میں نہا کے آئیں گے زینبؑ کے نونہال
گردن پہ تیر کھائے گا بچہ حسینؑ کا

تیر ستم چلے گا گلوئے صغیرؑ پر
رنگین ہوگا خون سے چہرہ حسینؑ کا

دریا پہ قبضہ کرکے بھی تشنہ لبی کے ساتھ
سوجائے گا ترائی پہ سقا حسینؑ کا

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



عباسؑ بھی حسینؑ سے ہوجائیں گے جدا
کوئی نہ ہوگا پوچھنے والا حسینؑ کا

حُرِ جریؑ زہیرؑ و سعیدؑ و حبیبؑ و جونؑ
سب ساتھ چھوڑ جائیں گے آقا حسینؑ کا

انصار و اقرباء بھی بچھڑ جائیں گے تمام
پرسان حال کوئی نہ ہوگا حسینؑ کا

یہ روز روزِ ذبحِ حسینؑ غریب ہے
ہوگا تمام آج ہی وعدہ حسینؑ کا

بالی سکینہؑ سوئیں گی اب فرشِ خاک پر
بیٹی سے چھوٹ جائے گا سینہ حسینؑ کا

سیدانیوں میں غل ہے کہ اے ربِ کردگار
سر پر رہے یتیموں کے سایہ حسینؑ کا

خیموں میں وا حسینا کا اٹھے گا شور و غل
رن کی طرف جو نکلے گا گھوڑا حسینؑ کا

جا کر جدار کوفہ سے ٹکرائیں گے عدو
ہنگامِ عصر ہوگا جو حملہ حسینؑ کا

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



کردے گی اپنی جیت کا اعلان کربلا
ہوگا ادا جو آخری سجدہ حسینؑ کا

چاروں طرف سے تیر چلیں گے حسینؑ پر
زیں سے زمیں پہ آئے گا لاشہ حسینؑ کا

برسات ہوگی خون کی اٹھیں گی آندھیاں
سر تن سے کاٹا جائے گا مولا حسینؑ کا

ہنگامِ ذبح آکے سرِ دشتِ کربلا
ماتم کریں گی فاطمہ زہراؑ حسینؑ کا

رن کی زمین بالوں سے جھاڑیں گی سیدہ
پامال ہوگا گھوڑوں سے لاشہ حسینؑ کا

ٹکڑوں میں شاہِ دین کا بٹ جائے گا بدن
کیسے بھلا اٹھے گا جنازہ حسینؑ کا

خیموں میں قتل شاہِ ہداؑ کی خبر لئے
آئے گا قتل گاہ سے گھوڑا حسینؑ کا

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



شامِ غریباں آئے گی جل جائیں گے خیام
بے دین لوٹ لیں گے اثاثہ حسینؑ کا

نیزوں سے چھنی جائیں گی بہنوں کی چادریں
رسّی میں جکڑا جائے گا کنبہ حسینؑ کا

بستر مریض شاہؑ کا کھینچیں گے اشقیاء
قیدی بنایا جائے گا بیٹا حسینؑ کا

غم سے پھٹیں گے زینبؑ و کلثومؑ کے جگر
نیزے پہ سر چھڑے گا جو آقا حسینؑ کا

کرب و بلا سے کوفہ و کوفے سے شام تک
ہو کر اسیر جائے گا کنبہ حسینؑ کا

شمرِ لعین جب بھی طمانچے لگائے گا
لیتی رہے گی نام سکینہ حسینؑ کا

فرطِ الم سے کانپ اٹھیں گے فلک نشیں
اہل زمیں پڑھیں گے جو نوحہ حسینؑ کا

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



سینوں میں جب تلک یہ دھڑکتے رہیں گے دل
تابوت ہم اٹھائیں گے آقا حسینؑ کا

چھڑتے رہیں گے دینِ محمدؐ کے تذکرے
ہوتا رہے گا دہر میں چرچا حسینؑ کا

آواز واحسینا کی ہر شئے سے آئے گی
ماتم کرے گا سارا زمانہ حسینؑ کا

اہل عزاء کہیں گے یہ ہر ایک سے مجیبؔ
دو مادرِ حسینؑ کو پرسہ حسینؑ کا

Presented By: https://jafrilibrary.com

## قطعہ

اذاں ہو صبر کی اور شکر کی اقامت ہو
مصلیٰ تیروں کا خنجر تلے عبادت ہو
یہ کہہ کے سجدے سے اٹھ کر سناں پہ آئے حسینؑ
نماز ہوچکی قرآں کی اب تلاوت ہو

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



# الوداع

الوداع والوداع شاہِ شہیداںؑ الوداع
اے حسین ابنِ علی دو جگ کے سلطاں الوداع

ظالموں نے گھیر کر لوٹا ہے تیرا گھر کا گھر
دشتِ غربت میں بلا کر تجھ کو مہماں الوداع

راہِ حق میں اصغرِ بے شیرؑ کا دے کر گلا
دینِ حق کی مشکلیں کی تو نے آساں الوداع

چہرۂ اقدس پہ اپنے مل کے اصغرؑ کا لہو
امتِ جد پر کیا ہے تو نے احساں الوداع

تین ساعت جسم تیروں پر ترا ٹھہرا رہا
کردیئے زہراؑ نے بالوں کو پریشاں الوداع

سر ترا کاٹا گیا جب فاطمہؑ کی گود میں
زیرِ خنجر تھا ترے ہونٹوں پر اماں الوداع

جب جدائی ہوگئی تیرے سر و تن میں حسینؑ
نوکِ نیزہ پر سنایا تو نے قرآں الوداع

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



ہوگئی گھوڑوں سے جس دم لاش تیری پائمال
خون سے پھر ہوگیا رنگین میداں الوداع

صبح سے تا عصر زہراؑ کی کمائی لٹ گئی
کل جو گھر آباد تھا وہ اب ہے ویراں الوداع

بعد تیرے امتحانِ صبر دینے کے لئے
زینبؑ مضطر ہے اور شام غریباں الوداع

بے کفن لاشے شہیدوں کے پڑے ہیں دشت میں
اہلِ بیتِ مصطفیٰؐ کے سر ہیں عُریاں الوداع

سہمی سہمی بی بیاں ہیں اب رسن بستہ یہاں
اور مناتے ہیں وہاں جلاد خوشیاں الوداع

آبروئے دین پیغمبرؐ کا تھا کتنا خیال
تو نے سب کچھ کردیا ہے دیں پہ قرباں الوداع

دیکھ کر عاشور کے دن وہ تری قربانیاں
ہے خدائے لم یزل بھی تجھ پہ نازاں الوداع

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com



آخری دن عشرۂ ماہِ محرّم کا ہے آج
اب عزا خانے بھی ہوجائیں گے ویراں الوداع

جارہی ہے زینبِ مضطر دیارِ شام کو
کرکے فتحِ دینِ پیغمبرؐ کا اعلاں الوداع

ڈال کر قصرِ ستم میں تیری مجلس کی بنا
کرگئیں زینبؑ عزاداروں پہ احساں الوداع

ذوالجناح تابوت ماتم تعزیہ مشک و علم
کربلا والوں کے غم کی ہیں یہ پہچاں الوداع

یاد کرکے اے شہیدِ حق تیری تشنہ لبی
علقمہ اب بھی ہے تیرے غم میں نالاں الوداع

سالِ آئندہ تلک گر زندگی باقی رہے
پھر منائیں گے تیرا غم شاہِ ذیشاں الوداع

یہ زمیں تحسینؔ کی ہے اور ترا نوحہ مجیبؔ
دونوں پائیں گے صلہ محشر میں یکساں الوداع

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented By: https://jafrilibrary.com

# RUMOOZ-E-AQEEDATH

## Majmooa
## Manqabat Salam-o-Naohajaat



Shayer-e-Ahlebaith
**MUJEEB ALIPURI**
Alipur Karnataka India Cell:00-91-9880065046
**AMAN GEMS**
5/7,SOI Kachang Chantaburi, Thailand
Cell:0066873264590, 0066831229942
E-mail:mujeebraza14@yahoo.com

Published by:
**BENEFIT JEWELRY CO., LTD.,**
316/10, Silom Road, Sita Building
Near Novotel Hotel, Bangkok-10500
Thailand
E-mail:benefitjewelry@yahoo.com

Presented by Ziaraat.Com
Presented By: https://jafrilibrary.com